قوانین ہمیں محفوظ رکھتے ہیں
آئیں ہم آپ کو محفوظ رکھیں

دوسرا ایڈیشن
2026

# سکاٹش قانون کے بارے میں رہنمائی

**ایک مشترکہ پراجیکٹ**

نیو کالج لینارکشائر کے HND لیگل سروسز کے طلبہ، فیئرلیس (کرائم سٹاپرز)، سکاٹش ریفیوجی کونسل، سکاٹش گورنمنٹ اور پولیس سکاٹ لینڈ کے ساتھ ۔

## اعترافات

اس کتابچے کی اشاعت درج ذیل اداروں کی معاونت اور تعاون کے بغیر ممکن نہ ہوتی:

نیو کالج لینارکشائر

سکاٹش گورنمنٹ

سروس پولیس سکاٹ لینڈ

Scottish Refugee Council

Fearless (Part of Crimestoppers) فیئرلیس (کرائم سٹاپرز کا حصہ)

**خصوصی شکریہ:**

دی رائٹ آنریبل لارڈ ملہولینڈ (Lord Mulholland), C.B.E., K.C. سینیٹر آف دی کالج آف جسٹس۔

HND لیگل سروسز کے طلبہ:

- سمانتھا میکیگ (Samantha McCaig)
- ٹمارا سانچیز فرنینڈز (Tamara Sanchez Fernandez)
- میکسی میلین میکارمک (Maksymilian McCormick)

**ہم آپ کو اپنے ملک میں خوش آمدید کہتے ہیں اور سکاٹ لینڈ میں آپ کی نئی زندگی کے لیے بہترین خواہشات رکھتے ہیں۔**

**تمہید**

"جب میں لاء آفیسر تھا، تو میں نے نیو کالج لینارکشائر کے لاء کے طلبہ کے ساتھ کام کیا۔ ان منصوبوں میں سے ایک جس پر ہم نے کام کیا وہ ایک کتابچہ تھا جس میں سکاٹ لینڈ کے قانون کو سادہ الفاظ میں بیان کیا گیا تھا تاکہ اسے کئی زبانوں میں ترجمہ کیا جا سکے تاکہ اسائلم کے متلاشی افراد اور پناہ گزینوں (ریفیوجیز) کو فائدہ ہو۔ اس اقدام کو سکاٹش ریفیوجی کونسل، پولیس، کراؤن آفس اور پروکیوریٹر فسکل سروس اور سکاٹش گورنمنٹ کی حمایت حاصل تھی۔ اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ فرسٹ منسٹر نے گلاسگو کے ہیمپڈن پارک میں ایک کانفرنس میں شرکت کی اور اپنی تقریر میں اس کا ذکر کیا۔

میں جانتا ہوں کہ جن طلبہ نے پہلی اشاعت تیار کی انہوں نے بہت محنت کی تاکہ ایک اعلیٰ معیار کا کتابچہ تیار کیا جا سکے جو پڑھنے اور سمجھنے میں آسان ہو اور یقیناً قانون کے مطابق درست ہو۔ اسے بہت سراہا گیا اور خود ریفیوجیز نے اسے استعمال کیا۔ ان کے اساتذہ ایلینر(Eleanor) اور کیرن (Ciaran) نے بھی لاء کے طلبہ کے ساتھ مل کر اس کتابچے پر دل و جان سے کام کیا۔ اب دونوں کا انتقال ہو چکا ہے اور ان کی کمی شدت سے محسوس کی جاتی ہے۔

قانون وقت کے ساتھ بدلتا رہتا ہے اور اس میں مسلسل ترمیم اور اضافہ ہوتا رہتا ہے، اسی لیے اس کتابچے کا دوسرا ایڈیشن بہت ضروری تھا۔ طلبہ کی جانب سے تیار کردہ تازہ ترین کتابچہ قانون کو موجودہ دور کے مطابق پیش کرتا ہے اور پہلے ایڈیشن میں شامل موضوعات کو مزید تفصیل سے بیان کرتا ہے۔ میں ان پر فخر کرتا ہوں کہ انہوں نے پسماندہ افراد کی مدد کے لیے کام کیا، ان لوگوں کی جو اپنی زندگی کے ایک مشکل وقت میں مدد کے محتاج ہوتے ہیں۔

یہ کتابچہ ایلینر اور کیرن کی اُن ابتدائی کوششوں کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے جو اُنھوں نے پہلا کتابچہ تیار کرنے کے لیے کیں۔ میں اس کے استعمال کی تائید اور سفارش کرتا ہوں۔

**دی رائٹ آنریبل لارڈ ملھولینڈ ,.C.B.E., K.C سینیٹر آف دی کالج آف جسٹس**

# فہرست عنوانات


**خاندان ........ 7**

شادی اور سول پارٹنرشپ ........ 7

طلاق ........ 7

والدین کی ذمہ داریاں ........ 8

گھریلو بدسلوکی ........ 9

سٹاکنگ (کسی کا غیرقانونی طور پر خفیہ طور پر پیچھا کرنا) ........ 9

حمل اور اسقاطِ حمل ........ 10

غیرت کے نام پر بدسلوکی ........ 11

خواتین کے اعضائے تناسل کی ختنہ کاری(FGM) ........ 11

**رہائش ........ 12**

کرایہ داری ........ 12

بیدخلی ........ 12

لوکل اتھارٹی کی مدد ........ 13

ذہنی صحت ........ 15

پیدائش، وفات، شادی ........ 15

**گھر میں قانون ........ 16**

الکحل ........ 16

تمباکو نوشی اور ویپنگ ........ 16

ٹی وی لائسنس ........ 17

**رقم ادھار لینا ........ 18**

**روزمرہ زندگی میں قانون ........ 19**

سماج دشمن رویہ (اینٹی سوشل بی ہیویئر) ........ 19

امن عامہ - پُرامن رہنا ........ 19

کوڑا پھینکنا - گلیوں کو صاف رکھنا ........ 19

عوامی جگہوں پر ناشائستگی ........ 19

روک کر تلاشی لینا ........ 19

فٹ پاتھ کا استعمال ........ 20

**ڈرائیونگ کے قوانین........................................................................ 21**
کون گاڑی چلا سکتا ہے؟...................................................................... 21
آپ کا ڈرائیونگ لائسنس...................................................................... 21
گاڑی کی دستاویزات.......................................................................... 22
شراب پی کر گاڑی چلانے کے متعلق قانون................................................ 24

**سکاٹ لینڈ میں سڑکوں پر ٹریفک سے متعلق جرائم................................... 25**

**الیکٹرک بائیکس اور الیکٹرک سکوٹرز.................................................. 26**

**کام کی جگہ پر قانون........................................................................ 28**
آپ کے حقوق................................................................................. 28
برطرفی........................................................................................ 28
صحت اور حفاظت............................................................................ 29
برابری اور امتیاز............................................................................ 29
ملازمت کے معاہدے......................................................................... 29

**جرم کے متاثرین............................................................................ 30**
متاثرہ شخص کے طور پر آپ کے حقوق................................................... 30

**آتشیں اسلحہ (فائر آرمز)................................................................ 32**

**سکاٹ لینڈ میں مجرمانہ ذمہ داری کی عمر............................................ 33**

**جنسی جرائم.................................................................................. 34**
زنا بالجبر...................................................................................... 34
جنسی حملہ.................................................................................... 34
جنسی جبر..................................................................................... 34
بچوں کے خلاف جرائم....................................................................... 34
تصویری مواد پر مبنی جنسی استحصال.................................................. 34
خفیہ طور پر دیکھنا (وویئرزم) اور ناشائستہ پیغامات بھیجنا.......................... 34
سیکسٹورشن.................................................................................. 35

**نفرت پر مبنی جرم.......................................................................... 39**
منشیات......................................................................................... 41

منی لانڈرنگ (غیر قانونی پیسے کو قانونی ظاہر کرنا) ........ 41
سائبر کرائم (انٹرنیٹ کے ذریعے جرم) ........ 42

**جانوروں سے متعلق قوانین........ 43**

**قانون نافذ کرنے والے اہلکار........ 45**
پولیس آفیسر ........ 45
امیگریشن آفیسر ........ 46

**کیا آپ کو ابھی مدد کی ضرورت ہے؟ ........ 47**

# خاندان

## شادی اور سول پارٹنرشپ

16سال سے زیادہ عمر کا کوئی بھی شخص شادی کر سکتا ہے یا سول پارٹنرشپ میں داخل ہو سکتا ہے۔ اس میں مختلف جنس اور ہم جنس جوڑے دونوں شامل ہیں۔

ایک وقت میں ایک سے زیادہ افراد کے ساتھ شادی شدہ ہونا غیر قانونی ہے۔

جبری شادی کرانا غیر قانونی ہے؛ سکاٹ لینڈ میں لوگ اپنی مرضی سے، جس کا انتخاب کرتے ہیں اُس سے شادی کرتے ہیں اور تمام شادیوں کا اندراج ضروری ہے، جس میں مذہبی شادیاں بھی شامل ہیں۔

جبری شادی کو طے شدہ (ارینجڈ ) شادی کے ساتھ نہیں ملانا چاہیے۔ طے شدہ شادی میں اگرچہ خاندان شریکِ حیات کے انتخاب میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، لیکن شادی دونوں فریقین کی رضامندی سے ہوتی ہے۔

جبری شادی میں ایک یا دونوں فریق رضامند نہیں ہوتے یا رضامندی دباؤ کے تحت حاصل کی جاتی ہے۔ عمر بھی ایک عنصر ہو سکتی ہے اور بعض جبری شادیوں میں بچے اور نوعمر افراد شامل ہوتے ہیں۔

## طلاق

اگر آپ مزید شادی شدہ نہیں رہنا چاہتے تو مخصوص حالات میں آپ طلاق لے سکتے ہیں۔ ان حالات میں بدکاری، نامناسب رویہ یا ایک مخصوص مدت تک علیحدہ رہنا شامل ہیں۔

اگر آپ کے بچے ہیں تو طلاق سے پہلے دونوں والدین کے لیے ملاقات کے انتظامات طے کرنا ضروری ہے۔ برائے مہربانی ان معاملات میں مدد کے لیے قانونی مشورہ حاصل کریں۔

## والدین کی ذمہ داریاں

سکاٹش قانون کے تحت بچوں کے حقوق محفوظ ہیں۔ یہ وہ تمام چیزیں ہیں جو بچوں کو صحت مند، خوش اور محفوظ رکھتی ہیں اور 18 سال تک کے تمام بچوں کے لیے ہیں۔ بچوں کے حقوق اقوام متحدہ کے کنونشن برائے حقوقِ طفل (UNCRC) میں بیان کیے گئے ہیں۔ والدین کے طور پر آپ کو ان کے حقوق کا لازماًاحترام کرنا چاہیے اور اپنے بچے کی صحت، حفاظت اور تعلیم کے لیے ذمہ دار ہونا چاہیے۔ بچے کو ایسے وقت کے لیے اکیلا یا بغیر نگرانی کے نہیں چھوڑنا چاہیے جس سے غیر ضروری تکلیف یا نقصان کا خطرہ ہو، اور چونکہ ہر بچہ اپنی رفتار سے نشوونما پاتا ہے اس لیے یہ اس بات پر منحصر ہوگا کہ وہ کسی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی کتنی صلاحیت رکھتا ہے۔ بہت کم عمر بچوں کو کسی بھی وقت اکیلا نہیں چھوڑنا چاہیے۔

سکاٹ لینڈ میں بچوں کو مارپیٹ کے حوالے سے وہی حقوق حاصل ہیں جو بڑوں کو حاصل ہیں - اس کا مطلب ہے کہ سکاٹ لینڈ میں اپنے بچے کو مارنا غیر قانونی ہے، چاہے اس سے کوئی نشان یا چوٹ نہ بھی آئے۔ اس میں گھونسہ مارنا، لات مارنا، دھکا دینا یا کسی بھی قسم کا جسمانی حملہ شامل ہے، نیز کسی چیز یا ہتھیار کا استعمال یا اس کی دھمکی دینا تاکہ خوف یا گھبراہٹ پیدا کی جا سکے۔ بچے کو مارنا جسمانی اور ذہنی دونوں طور پر نقصان دہ ہے اور اس کے اثرات فوری طور پر اور مستقبل میں بھی ظاہر ہوتے ہیں۔

والدین کے طور پر آپ قانونی طور پر ذمہ دار ہیں کہ آپ اپنے بچے کو تعلیم دلوائیں، چاہے اسے سکول بھیج کر یا کسی اور طریقے سے (جیسے گھر پر تعلیم دینا)۔ جب آپ اپنے بچے کو سکول میں داخل کرا دیتے ہیں تو قانون کے مطابق بچے کا سکول جانا ضروری ہے سوائے اُس صورت کے کہ آپ کو تعلیمی اتھارٹی کی طرف سے بچے کو نکالنے کی اجازت ہو۔ اگر بچہ بغیر کسی مناسب وجہ کے غیر حاضر ہو تو والدین کے خلاف قانونی کارروائی ہو سکتی ہے، جس میں مقدمہ بھی شامل ہے۔

مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں:

School attendance: a guide for parents - gov.scot

## گھریلو بدسلوکی

گھریلو بدسلوکی اس وقت ہوتی ہے جب ایک شخص، جو دوسرے شخص کا ساتھی یا سابق ساتھی ہو، اسے جسمانی، ذہنی، جنسی یا جذباتی طور پر نقصان پہنچائے۔ یہ ہم جنس یا مختلف جنس کے ساتھیوں کے درمیان ہو سکتا ہے، اور یہ مرد سے عورت یا عورت سے مرد دونوں صورتوں میں ہو سکتا ہے؛ اس کے لیے اُن کا ایک ہی گھر میں رہنا ضروری نہیں ہے۔

گھریلو بدسلوکی میں شامل ہو سکتا ہے:

- دھمکیاں دینا
- برے ناموں سے پکارنا
- آپ کیا کرتے ہیں، آپ کہاں جاتے ہیں اور کس سے بات کرتے ہیں ان چیزوں کو کنٹرول کرنا
- مالی بدسلوکی
- آپ کے بچوں یا پالتو جانوروں کو دھمکانا
- آپ کو اپنے دوستوں اور خاندان سے ملنے نہ دینا
- آپ پر بےوفائی کا الزام لگانا
- آپ کے جنسی میلان کو ظاہر کرنے کی دھمکی دینا
- آپ کی نجی تصاویر خاندان، دوستوں یا کام کے ساتھیوں کے ساتھ شیئر کرنا یا شیئر کرنے کی دھمکی دینا
- آپ کو مارنا، لات مارنا، گھونسہ مارنا یا کسی چیز یا ہتھیار سے حملہ کرنا یا آپ پر پھینکنا
- زنابالجبر، آپ کو جبری جنسی عمل پر مجبور کرنا

پولیس گھریلو بدسلوکی کی تمام رپورٹس کو سنجیدگی سے لے گی۔ Domestic Abuse (Scotland) Act 2018 (گھریلو بدسلوکی سے متعلقہ سکاٹ لینڈ کا قانون 2018) متاثرہ شخص اور اس کے خاندان کی حفاظت اور فلاح و بہبود کے لیے بنایا گیا ہے۔ کسی شخص کو اپنے ساتھی کو کسی بھی طرح کنٹرول کرنے کی اجازت نہیں ہے، چاہے وہ جذباتی، جسمانی، جنسی یا مالی طور پر ہو، اور اس میں گھر کے اندر قید کرنا بھی شامل ہے۔ یہ بات اہم ہے کہ سکاٹ لینڈ میں رہنے والے تمام افراد کو آزاد مرضی حاصل ہے، اور اگر کوئی شخص اس آزاد مرضی کو کنٹرول کرتا ہوا پایا جاتا ہے تو یہ ایک مجرمانہ جرم سمجھا جائے گا۔ تمام افراد، جنس یا صنف سے قطع نظر، اپنی رقم کمانے اور خوف کے بغیر پُرسکون زندگی گزارنے کے حقدار ہیں۔ یہ قانون تمام جنسوں اور جنسی شناختوں کا تحفظ کرتا ہے اور +LGBTQI کمیونٹی کو بھی شامل کرتا ہے۔

گھریلو بدسلوکی کا مرتکب پایا جانے والا شخص حراست میں لیا جا سکتا ہے اور عدالت میں اُس پر مقدمہ چلایا جا سکتا ہے۔ سنگین معاملات میں قید کی سزا ہو سکتی ہے۔

## سٹاکنگ (کسی کا غیرقانونی طور پر خفیہ طور پر پیچھا کرنا)

دو یا دو سے زیادہ ایسے رویے جو کسی متاثرہ شخص کی طرف کیے جائیں اور جن سے خوف یا پریشانی پیدا ہو، یا پیدا کرنے کا ارادہ ہو، یا جہاں مجرم کو اس بات کی پروا نہ ہو کہ اس کے رویے سے متاثرہ شخص کو خوف اور پریشانی لاحق ہوگی۔

سٹاکنگ کے رویوں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- کسی کا پیچھا کرنا
- کسی بھی ذریعے سے کسی شخص سے رابطہ کرنا یا رابطہ کرنے کی کوشش کرنا
- کسی کے بارے میں اس کی اجازت کے بغیر مواد شائع کرنا
- کسی شخص کے فون، انٹرنیٹ، ای میل یا دیگر ذرائع ابلاغ کی نگرانی کرنا
- کسی عوامی یا نجی جگہ پر منڈلانا
- کسی کی جائیداد میں مداخلت کرنا
- کسی کے لیے غیر مطلوبہ تحائف یا نوٹس چھوڑنا
- کسی پر نظر رکھنا یا اس کی جاسوسی کرنا

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کا پیچھا کیا جا رہا ہے یا آپ کو ہراساں کیا جا رہا ہے تو برائے مہربانی پولیس سکاٹ لینڈ کو اطلاع دیں۔ آپ یہ کام اپنے مقامی پولیس سٹیشن جا کر، 101 پر کال کر کے، آن لائن رپورٹ کر کے یا ہنگامی صورت حال میں 999 پر کال کر کے کر سکتے ہیں۔ آپ آن لائن سٹاکنگ فارم کے ذریعے بھی سکاٹ لینڈ میں پیش آنے والے کسی سٹاکنگ واقعے کی رپورٹ کر سکتے ہیں۔ آن لائن فارم کا لنک: www.scotland.police.uk/secureforms/c3

## حمل اور اسقاطِ حمل

حمل کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات www.readysteadybaby.org.uk پر دستیاب ہیں، یا آپ NHSسے 111 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا اپنے مقامی ڈاکٹر کے کلینک سے رجسٹریشن کے بعد رابطہ کر سکتے ہیں۔

سکاٹ لینڈ میں اسقاطِ حمل قانوناً جائز ہے؛ یہ ہر شخص کا حق ہے کہ وہ انتخاب کرے اوراُنھیں اپنے جسم اور اپنی مرضی کے بارے میں حقوق حاصل ہیں۔ دو الگ الگ ڈاکٹروں کی رضامندی سے 24 ہفتوں تک حمل ختم کرنا قانونا جائز ہے۔ اسقاطِ حمل لازماً ہسپتالوں یا منظور شدہ مراکز میں NHS کی نگرانی میں کیا جانا چاہیے۔

اس ملک میں آپ کسی رجسٹرڈ ڈاکٹر سے مشورہ کیے بغیر حمل ختم نہیں کر سکتے۔ NHSرازداری کی پابند ہے؛ اس لیے آپ کے فیصلوں کے بارے میں کسی کو معلوم نہیں ہوگا۔

## غیرت کے نام پر بدسلوکی

غیرت کے نام پر بدسلوکی ایک ایسی اصطلاح ہے جو ایسے جرم یا واقعے کو بیان کرتی ہے جو خاندان/ اور یا کمیونٹی کی سمجھی جانے والی عزت کی حفاظت یا دفاع کے لیے کیا گیا ہو یا کیا جا سکتا ہو۔ جو لوگ 'غیرت کے نام پر جرائم' کرتے ہیں وہ یہ سمجھتے ہیں کہ متاثرہ شخص خاندان یا کمیونٹی کی بدنامی کا باعث بنا ہے۔ پولیس اس قسم کے ہر جرم کی رپورٹ کو بہت سنجیدگی سے لے گی اور مکمل تفتیش کرے گی۔ کسی بھی قسم کے تشدد کو قانون کے مطابق نمٹایا جائے گا اور اس پر مقدمہ چلایا جا سکتا ہے۔

## خواتین کے اعضائے تناسل کی ختنہ کاری(FGM)

خواتین کے اعضائے تناسل کی ختنہ کاری سے مراد ایسے طریقہ کار ہیں جن میں غیر طبی وجوہات کی بنا پر خواتین کے اعضائے تناسل کو تبدیل کیا جاتا ہے یا نقصان پہنچایا جاتا ہے۔ یہ انتہائی تکلیف دہ ہوتا ہے اور اس سے عمل کے دوران اور بعد میں زندگی بھر سنگین صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ یہ برطانیہ میں غیر قانونی ہے اور اسے بیرون ملک کروانے کا انتظام کرنا بھی غیر قانونی ہے۔

اگر آپ ایک خاتون ہیں اور سکاٹ لینڈ آنے سے پہلے آپ کے ساتھ یہ عمل کیا گیا ہے اور اس سے آپ کو درد یا مسائل کا سامنا ہے تو برائے مہربانی اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں، جہاں کوئی رائے قائم کیے بغیر مدد فراہم کی جا سکتی ہے۔

# رہائش

## کرایہ داری

آپ خود بھی گھر تلاش کر سکتے ہیں جہاں آپ کرایہ ادا کریں گے۔ جب آپ گھر حاصل کر لیتے ہیں اور کرایہ دینا شروع کرتے ہیں تو آپ کو 'کرایہ دار' کہا جائے گا اور جس شخص/ ادارے سے آپ کرایہ پر لیتے ہیں وہ آپ کا 'مالک مکان (لینڈلارڈ)' ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ کرایہ داروں کے بہت سے حقوق بھی ہوتے ہیں۔ سب سے پہلے، عام طور پر آپ کو اپنے مالک مکان کو ایک ڈپازٹ ادا کرنا ہوتا ہے۔ یہ رقم کرایہ داری کے اختتام تک رکھی جاتی ہے تاکہ کسی بھی نقصان/ مرمت کے اخراجات پورے کیے جا سکیں۔ آپ کا ڈپازٹ لازمی طور پرکسی Tenancy Deposit Scheme میں جمع ہونا چاہیے جو آپ کے ڈپازٹ کو اس وقت تک محفوظ رکھتی ہے جب تک وہ واپس ادائیگی کے لیے واجب الادا نہیں ہو جاتا۔ آپ کے ڈپازٹ کے حوالے سے مالک مکان کو آپ کو لازماً درج ذیل معلومات فراہم کرنی چاہیں:

- کرایہ پر دی گئی جائیداد کا پتہ
- اُنھوں نے کتنا ڈپازٹ ادا کیا اورآپ نے کب وصول کیا
- وہ تاریخ جب آپ نے اسے کسی سکیم میں ادا کیا
- سکیم کا نام اور رابطے کی تفصیلات
- یہ کہ آپ ایک مالک مکان کے طور پر رجسٹرڈ ہیں یا رجسٹریشن کے لیے درخواست دی ہے
- کن حالات میں آپ کرایہ داری کے اختتام پر کچھ یا پورا ڈپازٹ رکھنا چاہیں گے

اگر آپ اپنی کرایہ داری ختم کرتے ہیں تو مالک مکان کو آپ کو لازماً بتانا چاہیے کہ کیا اُس کا ڈپازٹ میں سے کچھ حصہ رکھنے کا ارادہ ہے۔ اگر آپ اس سے اختلاف کرتے ہیں تو اپنے مالک مکان سے بات چیت کرنے کی کوشش کریں؛ اگر یہ کامیاب نہ ہو تو آپ اس سکیم کے ساتھ تنازعہ اُٹھا سکتے ہیں جہاں آپ کے مالک مکان نے ڈپازٹ رکھا۔

## بیدخلی

مالک مکان آپ کو بغیر وجہ کے گھر سے نہیں نکال سکتا۔ بیدخلی شروع کرنے کے لیے مالک مکان پر لازم ہے کہ :

**آپ کو نوٹس آف لیو(چھوڑنے کا نوٹس) دے جس میں درج ذیل معلومات ہوں:**

- کہ آپ کو لازماً مکان چھوڑنا چاہیے
- آپ کوکس وجہ سے چھوڑنے کے لیے کہا جا رہا ہے – جسے 'ایویکشن گراؤنڈ(بیدخلی کی وجہ)' کہا جاتا ہے
- وہ آپ کو گھر خالی کرنے کے لیے کتنا وقت دے رہے ہیں – جسے آپ کا 'نوٹس پیریڈ' کہا جاتا ہے

**آپ کو نوٹس پیریڈ دے**

آپ کو کتنا نوٹس پیریڈ لازماً ملنا چاہیے اس بات پر منحصر ہوتا ہے کہ بیدخلی کی وجہ کیا ہے اور آپ کتنے عرصے سے اُس مکان میں رہ رہے ہیں۔ یہ مدت درج ذیل میں سے ایک ہوگی:

- 28دن (4 ہفتے)
- 84دن (12 ہفتے)

**آپ کے مالک مکان کو لازماً درج ذیل میں سے کوئی ایک وجہ استعمال کرنی چاہیے:**

1. آپ کا مالک مکان یہ جائیداد بیچنے کا ارادہ رکھتا ہے
2. اس جائیداد کو رہن دینے والا ادارہ (مارگیج لینڈر) فروخت کرنا چاہتا ہے
3. آپ کا مالک مکان اس جائیداد کی مرمت یا تجدید کرنا چاہتا ہے
4. آپ کا مالک مکان خود اس جائیداد میں رہنا چاہتا ہے
5. آپ کے مالک مکان کے خاندان کا کوئی فرد اس جائیداد میں رہنا چاہتا ہے
6. آپ کا مالک مکان اس جائیداد کو غیر رہائشی مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہتا ہے
7. یہ جائیداد کسی مذہبی وجہ کے لیے درکار ہے
8. آپ اپنے مالک مکان کے ملازم نہیں رہے یا ملازم بننے میں ناکام رہے
9. آپ کو مزید سپورٹڈ رہائش کی ضرورت نہیں رہی
10. آپ اب اس جائیداد میں نہیں رہ رہے
11. آپ نے اپنے کرایہ داری کے معاہدے کی کسی شرط کی خلاف ورزی کی ہے
12. آپ مسلسل 3 مہینوں سے زیادہ کرایہ کے بقایاجات میں ہیں
13. آپ کے خلاف کوئی متعلقہ ثابت شدہ جرم موجود ہے
14. آپ نے متعلقہ سماج دشمن (اینٹی سوشل) رویہ اختیار کیا ہے
15. آپ نے اس جائیداد میں کسی ایسے شخص کو شریک کیا ہے جس کے خلاف کوئی متعلقہ ثابت شدہ جرم ہے یا جس نے متعلقہ سماج دشمن رویہ اختیار کیا ہے
16. آپ کے مالک مکان کی رجسٹریشن مسترد یا منسوخ کر دی گئی ہے
17. آپ کے مالک مکان کا HMO لائسنس منسوخ کر دیا گیا ہے یا اس کی تجدید مسترد کر دی گئی ہے
18. آپ کے مالکِ مکان کو حدِ گنجائش سے زیادہ افراد (اوورکراؤڈنگ) کے حوالے سے ایک قانونی نوٹس جاری کیا گیا ہے

یہ جاننا اہم ہے کہ یہ وجہ صرف مخصوص حالات میں استعمال کی جا سکتی ہے، جس کی تفصیل یہاں مل سکتی ہے: https://www.mygov.scot/tenant-eviction/private-residentialtenancy

## لوکل اتھارٹی کی مدد

اگر آپ کو رہائش تلاش کرنے میں مشکل پیش آ رہی ہے تو ہر لوکل اتھارٹی آپ کی مدد کر سکتی ہے سب سے پہلے آپ کو لازمی طور پر یہ یقینی بنانا چاہیے کہ آپ درست اتھارٹی سے رابطہ کریں۔ 'اتھارٹی' سے مراد آپ کے مقامی علاقے کی کونسل ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ ایڈنبرا میں ہوں تو آپ کی لوکل اتھارٹی 'سٹی آف ایڈنبرا کونسل' ہوگی۔

اگر آپ کو 'رہنے کی اجازت (لیو ٹو ریمین)' مل جاتی ہے تو آپ کو عوامی فنڈز تک رسائی مل جائے گی۔ اس سے آپ کو یہ سہولت ملے گی کہ:

- اگر آپ کے پاس گزارے کے لیے پیسے نہ ہوں تو آپ بینیفٹس کے لیے درخواست دے سکیں
- اگر آپ کے پاس رہنے کے لیے کوئی جگہ نہ ہو تو آپ بے گھر افراد کی مدد (ہوم لیس سپورٹ) کے لیے درخواست دے سکیں

آپ اپنی مقامی کونسل کے پاس جا کر، یا آن لائن، یا فون کے ذریعے اُن سے رابطہ کر کے بے گھر ہونے کی درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ کو ہنگامی صورتحال میں بے گھر ہونے کے حوالے سے مدد درکار ہو تو کونسل کی جانب سے فراہم کی جانے والی ہنگامی مدد کے بارے میں Shelter Scotland کے صفحے کو دیکھیں۔ جب آپ بے گھر ہونے کی درخواست دیتے ہیں تو کونسل آپ کی صورتحال کا جائزہ لے گی تاکہ یہ طے کیا جا سکے کہ آپ کو کس قسم کی مدد دی جائے گی۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ لوکل کونسل آپ کی بے گھر ہونے کی درخواست کا جائزہ لے اوراس جائزے کی تحریری تصدیق فراہم کرے۔ جب آپ کسی بے گھر شخص کو ایک لوکل کونسل کے پاس پیش کرتے ہیں تو اُنھیں آپ کو کسی دوسری کونسل کے پاس پیش کرنے کے لیے نہیں کہنا چاہیے۔

مزید معلومات کے لیے اپنی لوکل اتھارٹی کی ویب سائٹ دیکھیں یا یہاں جائیں :
https://scottishrefugeecouncil.org.uk/housing/#Yourrights

**اہم**

اگر آپ کسی ایسی جائیداد میں رہ رہے ہیں جس کا آپ کرایہ ادا کرتے ہیں تو آپ کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ آپ نے درج ذیل کام کیے ہیں:

- کونسل ٹیکس ادا کریں، جو آن لائن یا اپنی لوکل اتھارٹی سے رابطہ کر کے کیا جا سکتا ہے
- اگر آپ کے پاس ٹی وی ہے جو لائیو چینلز تک رسائی رکھتا ہے جیسےBBC ، تو ٹی وی لائسنس کے لیے رقم ادا کریں

## ذہنی صحت

اگر کوئی شخص اپنی ذہنی صحت کے حوالے سے مدد حاصل کرنا چاہتا ہے تو **(111)** NHS اور دیگر اداروں کے ذریعے مدد دستیاب ہے۔ اگر فوری مدد کی ضرورت ہو تو Scottish Ambulance Service(سکاٹش ایمبولینس سروس) **(999)** ذہنی صحت کے بحران میں مبتلا افراد کی مدد کرتی ہے۔

اگر کوئی شخص عوامی جگہ پر ذہنی صحت کے بحران میں ہو اور فوری دیکھ بھال یا علاج کی ضرورت ہو تو Mental Health (Care and Treatment) (Scotland) Act 2003 (سکاٹ لینڈ کا ذہنی صحت (دیکھ بھال اور علاج) کا قانون 2003) پولیس کو اجازت دیتا ہے کہ وہ اس شخص کو حراست میں لے کر کسی محفوظ جگہ پر لے جائیں جہاں اس کا طبی معائنہ کیا جا سکے۔ یہ عموماً کوئی ہسپتال ہوگا۔

## پیدائش، وفات، شادی

تمام پیدائشوں کو لازماً 21 دن کے اندر مقامی کونسل میں رجسٹر کرنا چاہیے اور تمام اموات کو لازماً 8 دن کے اندر رجسٹر کرنا چاہیے۔ شادیوں کو لازماً 29 دن کے اندر رجسٹر کرنا چاہیے۔

# گھر میں قانون

## الکحل

سکاٹ لینڈ میں اگر آپ کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے تو آپ قانونی طور پر شراب خرید سکتے ہیں اور پی سکتے ہیں۔ 18سال سے کم عمر کے کسی شخص کے لیے شراب خریدنا غیر قانونی ہے۔ اگر آپ 25 سال سے کم نظر آتے ہیں تو بہت سی دکانوں اور پبز میں آپ سے شناختی دستاویز دکھانے کے لیے کہا جا سکتا ہے۔ قابل قبول شناختی دستاویزات میں کوئی پاسپورٹ، برطانیہ کا ڈرائیونگ لائسنس، یا PASS لوگو والا Young Scot کارڈ شامل ہیں۔ سکاٹ لینڈ میں ایک قانون ہے جسے minimum unit pricing (کم ازکم فی یونٹ قیمت) کہا جاتا ہے۔ یہ قانون اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ شراب بہت کم قیمت پر فروخت نہیں کی جا سکتی تاکہ شراب سے متعلق مسائل کم ہوں اور لوگ محفوظ رہیں۔ آپ کو گھر میں اور لائسنس یافتہ پبز یا ریستورانوں میں شراب پینے کی اجازت ہے۔ تاہم کچھ قصبوں یا شہروں میں عوامی مقامات جیسے گلیوں یا پارکوں میں شراب پینا مقامی کونسل کی طرف سے ممنوع ہوتا ہے۔

## تمباکو نوشی اور ویپنگ

تمباکو یا نکوٹین کی کوئی بھی مصنوعات خریدنے کے لیے آپ کی عمر لازماً 18 سال یا اس سے زیادہ ہونی چاہیے۔ اس میں سگریٹ، سگار، رولنگ تمباکو، ویپس (ای سگریٹ)، نکوٹین پاؤچز اور ہیٹڈ تمباکو مصنوعات شامل ہیں۔ 18سال سے کم عمر کے کسی شخص کے لیے یہ اشیاء خریدنا غیر قانونی ہے، اور جو دکانیں کم عمر افراد کو فروخت کرتی ہیں انھیں جرمانہ ہو سکتا ہے۔ عوامی عمارتوں، ریستورانوں، کیفے، پبلک ٹرانسپورٹ، سکولوں اور کام کی جگہوں کے اندر سگریٹ نوشی اور ویپنگ کی اجازت نہیں ہے۔ اس میں روایتی سگریٹ اور جدید ویپنگ آلات دونوں شامل ہیں۔ سکاٹ لینڈ میں سنگل یوز ویپس کی فروخت اور فراہمی پر پابندی 1 جون 2025 کو نافذ ہوئی۔ آپ رجسٹرڈ دکانوں سے تمباکو یا ویپ مصنوعات خرید سکتے ہیں۔ یہ اشیاء گلیوں میں بیچنے والوں یا غیر منظور شدہ ویب سائٹس سے نہ خریدیں کیونکہ یہ غیر محفوظ ہو سکتی ہیں اور اکثر غیر قانونی ہوتی ہیں۔

## ٹی وی لائسنس

سکاٹ لینڈ میں اگر آپ کسی بھی آلے(ڈیوائس) پر لائیو ٹی وی دیکھتے ہیں یا BBC iPlayer استعمال کرتے ہیں تو آپ کے پاس لازماً ٹی وی لائسنس ہونا چاہیے۔ اس میں ٹیلیویژن، کمپیوٹر، سمارٹ فون، ٹیبلٹ یا کسی بھی دوسری سکرین پر لائیو چینلز دیکھنا شامل ہے۔ اگر آپ لائیو ٹی وی ریکارڈ کر کے بعد میں دیکھتے ہیں تو بھی آپ کو لائسنس کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاہم اگر آپ صرف آن ڈیمانڈ سروسز جیسےNetflix ، YouTube، Disney+، Amazon Prime یا اسی طرح کے پلیٹ فارمز دیکھتے ہیں اور لائیو نشریات یا BBC iPlayer نہیں دیکھتے تو آپ کو ٹی وی لائسنس کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو no TV licence declaration مکمل کرنا چاہیے تاکہ آپ کو غیر مطلوبہ خطوط موصول نہ ہوں۔ برائے مہربانی یہ آن لائن کریں: https://www.tvlicensing.co.uk

ترمیم شدہ یا جیل بریک کیے گئےFiresticks ، ٹی وی باکسز یا دیگر غیر قانونی سٹریمنگ آلات کے ذریعے بغیر ادائیگی کے لائیو سپورٹس، فلمیں یا چینلز دیکھنا قانون کے خلاف ہے۔ اسے ڈیجیٹل پائریسی (ڈیجیٹل مواد کی غیر قانونی نقل یا تقسیم) کہا جاتا ہے۔ ان آلات کو بیچنا اور استعمال کرنا دونوں غیر قانونی ہیں۔

ٹی وی سروسز بشمول ٹی وی لائسنس کی ادائیگی سے بچنے کے لیے ان کا استعمال کرتے ہوئے پکڑے جانے والے لوگوں کو جرمانہ ہو سکتا ہے یا ان پر مقدمہ چلایا جا سکتا ہے۔

# رقم ادھار لینا

اگر آپ کو سکاٹ لینڈ میں رقم ادھار لینے کی ضرورت ہو تو ہمیشہ قانونی طور پر جائز اور ریگیولیٹڈ قرض دہندگان جیسے بینک، کریڈٹ یونین یا منظورشدہ مالیاتی کمپنیوں کا استعمال کریں۔ ان اداروں کو لازماً سخت قوانین کی پابندی کرنی پڑتی ہے تاکہ صارفین کے ساتھ منصفانہ سلوک کریں اور انہیں اپنے قرضوں کا انتظام کرنے میں مدد دیں۔ آپ کو کبھی بھی کسی سرکاری طور پر غیر رجسٹرڈ شخص سے قرض نہیں لینا چاہیے۔ یہ غیر قانونی قرض دہندگان اکثر بہت زیادہ سود وصول کرتے ہیں اور اپنی رقم واپس لینے کے لیے دھمکیاں یا تشدد استعمال کر سکتے ہیں۔

لون شارکس (بھاری سود وصول کرنے والے قرض دہندگان) کے ساتھ معاملہ کرنا خطرناک اور غیر قانونی ہے۔ اگر آپ کو رقم یا قرض کے معاملے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں تو مفت مدد دستیاب ہے۔

آپ مدد اور مشورے کے لیے Citizens Advice Scotland ، Step Changeیا Money Advice Scotlandسے بات کر سکتے ہیں۔ وہ آپ کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں کریں گے اور آپ جو کچھ کہیں گے وہ سب خفیہ رکھا جائے گا۔

# روزمرہ زندگی میں قانون

عوامی جگہوں پر باہر نکلتے وقت اہم اصول جن پر عمل کرنا چاہیے۔

## سماج دشمن رویہ (اینٹی سوشل بی ہیویئر)

مندرجہ ذیل باتیں مسائل پیدا کر سکتی ہیں اور جرمانے یا پولیس کی جانب سے گرفتاری کا سبب بن سکتی ہیں:

- چلّانا، گالیاں دینا، لڑائی کرنا۔
- لوگوں کے ساتھ پرتشدد یا دھمکی آمیز رویہ اختیار کرنا۔
- ہمسایوں یا اجنبیوں پر بدزبانی کرنا یا چیخنا۔
- گلی میں کوڑا یا کچرا پھینکنا۔
- املاک کو نقصان پہنچانا (بینچ، کھڑکیاں)۔

## امن عامہ - پُرامن رہنا

مندرجہ ذیل باتوں کے لیے آپ مشکل میں پڑ سکتے ہیں:

- ایسی جگہ پر شراب پینا جہاں اجازت نہ ہو۔
- ایسا رویہ اختیار کرنا جس سے لوگ خوفزدہ یا دھمکی محسوس کریں۔
- عوامی جگہ پر لڑائی کرنا یا جارحانہ رویہ اختیار کرنا۔
- جب رکنے کے لیے کہا جائے تو پولیس کی بات پر عمل نہ کرنا۔

## کوڑا پھینکنا - گلیوں کو صاف رکھنا

آپ کو کوڑا ادھر اُدھر نہیں پھینکنا چاہیے، فراہم کردہ ڈبہ (بن) استعمال کریں یا اسے گھر لے جائیں۔ اگر آپ کوڑا پھینکتے ہوئے پکڑے جائیں تو آپ کو جرمانہ ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔
عوامی جگہ پر اپنے کتے کی گندگی صاف نہ کرنا بھی جرم ہے۔

## عوامی جگہوں پر ناشائستگی

عوامی جگہ پر اپنے جسم کے ایسے حصے ظاہر نہ کریں جن سے دوسروں کو پریشانی ہو، اس میں چھاتی یا اعضائے تناسل کی جگہ شامل ہیں۔ یہ ایک جرم ہے۔ جو رویہ نجی جگہ پر جائز ہے وہ عوامی جگہ پر جرم ہو سکتا ہے۔

عوامی جگہ پر جنسی افعال بھی غیر قانونی اور جرم ہیں۔

## روک کر تلاشی لینا

پولیس آپ کو روک کر آپ کی، آپ کے بیگ، جیبوں یا گاڑی کی تلاشی لے سکتی ہے اگر انہیں شک ہو کہ آپ کے پاس ہتھیار، چوری شدہ اشیاء یا منشیات ہیں۔

پرسکون رہیں، آپ یہ بھی پوچھ سکتے ہیں کہ آپ کی تلاشی کیوں لی جا رہی ہے۔ آپ کو ترجمان مانگنے کا بھی حق حاصل ہے۔ کسی خاتون کی تلاشی کسی خاتون افسر کے ذریعے لی جانی چاہیے۔

## فٹ پاتھ کا استعمال

فٹ پاتھ چلنے کے لیے ہوتے ہیں؛ انہیں سب کے لیے صاف رکھیں۔ سائیکلوں، بچوں کی گاڑیوں (پریمز)، ٹرالیوں یا بیگ سے راستہ بند نہ کریں۔ سڑکوں کو محفوظ جگھوں جیسے ٹریفک لائٹس یا پیدل چلنے والوں کے لیے کراسنگز سے پار کریں۔

ڈرائیو ویز یا مصروف سڑکوں کے قریب محتاط رہیں۔

# ڈرائیونگ کے قوانین

اگر آپ سکاٹ لینڈ میں گاڑی چلانا چاہتے ہیں تو آپ کو درج ذیل چیزوں کی ضرورت ہوگی:

## کون گاڑی چلا سکتا ہے؟

سکاٹ لینڈ میں کار یا موٹر سائیکل چلانے کے لیے آپ کی عمر کم از کم 17 سال ہونی چاہیے۔ آپ کے پاس اس مخصوص گاڑی کے لیے درست ڈرائیونگ لائسنس ہونا بھی ضروری ہے۔ آپ کا صحت مند اور چوکنا ہونا ضروری ہے، اور آپ کو ہرگز شراب یا منشیات کے زیرِ اثر نہیں ہونا چاہیے۔ اگر آپ کی عمر 16 سال یا اس سے زیادہ ہے اور آپ رجسٹرڈ معذور ہیں تو آپ مخصوص شرائط کے تحت لائسنس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی DVLA کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

## آپ کا ڈرائیونگ لائسنس

### برطانیہ کے رہائشی

برطانیہ میں مکمل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے لیے پہلے آپ کو عارضی (پروویژنل) ڈرائیونگ لائسنس کے لیے درخواست دینی ہوتی ہے۔ اس کے بعد ایک کمپیوٹر پر مبنی تھیوری ٹیسٹ دینا ہوتا ہے جو سڑک کے قواعد اور حفاظت کے بارے میں آپ کے علم کو جانچتا ہے۔ اس کے بعد آپ کو عملی ڈرائیونگ ٹیسٹ دینا ہوگا تاکہ یہ دکھا سکیں کہ آپ محفوظ طریقے سے سڑک پر گاڑی چلا سکتے ہیں۔ جب آپ دونوں ٹیسٹ کامیابی سے مکمل کر لیتے ہیں تو آپ کو ڈرائیونگ لائسنس مل جائے گا۔

### غیر ملکی ڈرائیورز

اگر آپ سکاٹ لینڈ کا دورہ کر رہے ہیں یا حال ہی میں یہاں منتقل ہوئے ہیں تو ممکن ہے کہ آپ محدود عرصے کے لیے اپنا موجودہ ڈرائیونگ لائسنس استعمال کر سکتے ہوں۔ یہاں اس بات کی سادہ وضاحت ہے کہ یہ کیسے ہوتا ہے:

- اگر آپ کا لائسنس EU یا EEA (یورپی یونین یا یورپی اکنامک ایریا) سے ہے تو آپ برطانیہ میں اس وقت تک گاڑی چلا سکتے ہیں جب تک آپ 70 سال کے نہ ہو جائیں یا برطانیہ آنے کے بعد تین سال تک، جو بھی زیادہ ہو۔ اس کے بعد آپ ڈرائیونگ ٹیسٹ کے بغیر اسے برطانیہ کے لائسنس میں تبدیل کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کا لائسنس آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان یا نیوزی لینڈ جیسے ممالک سے ہے تو آپ برطانیہ آنے کے بعد ایک سال تک گاڑی چلا سکتے ہیں۔ پانچ سال کے اندر آپ اپنا لائسنس ٹیسٹ کے بغیر برطانیہ کے لائسنس میں تبدیل کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کا لائسنس کسی اور ملک سے ہے تو بھی آپ ایک سال تک گاڑی چلا سکتے ہیں۔ اس کے بعد آپ کو برطانیہ کے عارضی لائسنس کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہو گی اور تحریری تھیوری ٹیسٹ اور عملی ڈرائیونگ ٹیسٹ دونوں پاس کرنے ہوں گے۔
- اگر آپ کا ڈرائیونگ لائسنس انگریزی میں نہیں ہے تو بہتر ہے کہ آپ International Driving Permit (IDP) (انٹرنیشنل ڈرائیونگ پرمٹ) یا اپنے لائسنس کا مستند ترجمہ ساتھ رکھیں۔

اس طرح آپ خود کو سکاٹ لینڈ میں رہنے کے ساتھ ہم آہنگ کرتے ہوئے محفوظ اور قانونی طور پر گاڑی چلا سکتے ہیں۔

## گاڑی کی دستاویزات

### روڈ ٹیکس

تمام گاڑیاں جو عوامی سڑکوں پر چلتی ہیں ان کے لیے ٹیکس ادا کرنا ضروری ہے۔ آپ آسانی سے گاڑی کا یہ ٹیکس آن لائن اس ویب سائٹ پر ادا کر سکتے ہیں: www.gov.uk/vehicle-tax

### انشورنس

گاڑی چلانے کے لیے آپ کے پاس انشورنس ہونا ضروری ہے۔ کم از کم آپ کو تھرڈ پارٹی انشورنس لازمی حاصل کرنی ہوگی۔ اس قسم کی انشورنس کسی بھی ایسے نقصان کی ادائیگی میں مدد دیتی ہے جو آپ دوسرے لوگوں کی گاڑیوں یا املاک کو پہنچا سکتے ہیں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ آپ کا نام انشورنس پالیسی پر درج ہو اور انشورنس فعال اور تازہ ترین ہو۔

### MOT ٹیسٹ

اگر آپ کی گاڑی تین سال سے زیادہ پرانی ہے توآپ کوحفاظت کے لیے ہر سال ایک ٹیسٹ میں اس کی جانچ کروانے کی ضرورت ہوتی ہے جسے MOT کہتے ہیں۔ آپ یہ ٹیسٹ کسی قابل اعتماد گیراج سے کروانے کا وقت طے کر سکتے ہیں۔ اس ٹیسٹ کے نتائج ایک آن لائن ریکارڈ میں محفوظ رکھے جاتے ہیں، اور بہتر ہے کہ آپ اس کی ایک کاپی اپنے پاس بھی رکھیں۔ یاد رکھیں، ایسی گاڑی چلانا غیر قانونی ہے جس کا ٹیکس، انشورنس یا MOT درست نہ ہو۔ ایسا کرنے پر جرمانہ ہو سکتا ہے یا آپ کی گاڑی ضبط کی جا سکتی ہے۔

**اہم:** یقینی بنائیں کہ آپ کے ٹائروں کی حالت اچھی ہو۔ ٹائر کی قانونی کم از کم ٹریڈ گہرائی 1.6 ملی میٹر ہے جو ٹائر کی ٹریڈ کی چوڑائی کے درمیانی تین چوتھائی حصے میں اور اس کے پورے گھیر کے گرد میں ناپی جاتی ہے۔ اپنے ٹائروں کی گھسنے، ہوا کےکم دباؤ یا کسی بھی قسم کے نقصان کے لیے باقاعدگی سے جانچ کریں۔ اگر وہ اچھی حالت میں نہیں ہیں تو یہ انہیں تبدیل کرنے کا وقت ہے۔

## سڑک پر حفاظتی اصول

- جب آپ گاڑی میں ہوں تو ہمیشہ سیٹ بیلٹ پہنیں۔
- رفتار کی حد کی پابندی کریں سوائے اُس صورت کے کہ کوئی اشارات آپ کو اس سے بھی کم رفتار سے چلنے کا کہیں:
  - بہت سے قصبوں یا شہروں کے علاقوں میں 20، 30 یا 40 میل فی گھنٹہ کے زون ہوتے ہیں۔
  - بہت سی دیہی سڑکوں پر 40، 50 یا 60 میل فی گھنٹہ کے زون ہوں گے۔
  - زیادہ تر موٹر ویز پر رفتار کی حد 70 میل فی گھنٹہ ہوتی ہے، لیکن بعض جگہ اس سے کم بھی ہو سکتی ہے۔
- گورنمنٹ کی ویب سائٹ کا لنک Speed limits - GOV.UK کیونکہ اب بہت سے قصبے ہیں جو 20 میل فی گھنٹہ کی رفتار کی حد مقرر کر رہے ہیں۔
- ڈرائیونگ کے دوران کبھی بھی کوئی بھی ہاتھ میں پکڑا ہوا آلہ جیسے فون یا سیٹ نیو استعمال نہ کریں، سوائے اُس صورت کے کہ آپ کے پاس ہینڈز فری نظام ہوجس کی مدد سے آپ آلے کو پکڑے بغیر بات کر سکیں۔ ڈرائیونگ شروع کرنے سے پہلے آلے کو مکمل طور پر سیٹ کر لیں اور جس دوران آپ سڑک پر ہوں اسے کبھی بھی استعمال نہ کریں۔ یہ بھی اہم ہے کہ جب آپ گاڑی چلا رہے ہوں تو یہ آلہ آپ کے سڑک کے منظر کے دکھائی دینے میں رکاوٹ نہ بنے۔

**سڑک پر محفوظ رہیں!**

## شراب پی کر گاڑی چلانے کے متعلق  قانون

سکاٹ لینڈ میں شراب پی کر گاڑی چلانے کی حد برطانیہ کی سخت ترین حدوں میں سے ایک ہے:

- 100ملی لیٹر سانس میں 22 مائیکروگرام الکحل
- 100ملی لیٹر خون میں 50 ملی گرام الکحل
- 100ملی لیٹر پیشاب میں 67 ملی گرام الکحل

## صفر برداشت کی پالیسی (زیرو ٹالرنس)

بہترین فیصلہ یہ ہے کہ اگر آپ گاڑی چلانے کا ارادہ رکھتے ہیں تو شراب نہ پیئیں۔ حتیٰ کہ تھوڑی سی شراب بھی آپ کی ڈرائیونگ کی صلاحیت کو متاثر کر سکتی ہے۔

یہ اصول ہر کسی کے لیے ہے، چاہے آپ نئے ڈرائیور ہوں یا بہت سالوں سے گاڑی چلا رہے ہوں۔

## شراب پی کر گاڑی چلانے کے نتائج

اگر آپ سکاٹ لینڈ میں شراب پی کر گاڑی چلاتے ہوئے پکڑے جائیں تو آپ کو درج ذیل کا سامنا ہو سکتا ہے:

- ڈرائیونگ پر پابندی (کم از کم 12 ماہ)
- مجرمانہ ریکارڈ
- جرمانہ (5,000 پاؤنڈ تک)
- 6 ماہ تک قید
- گاڑی کی انشورنس کی لاگت میں اضافہ
- ملازمت کا نقصان، خاص طور پر اگر آپ کام کے لیے ڈرائیونگ کرتے ہوں

بار بار کے جرائم یا سنگین معاملات (جیسے حادثے کا باعث بننا) میں سزائیں مزید سخت ہو سکتی ہیں۔

## اگلی صبح کے بارے میں کیا خیال ہے؟

شراب کئی گھنٹوں تک آپ کے جسم میں رہ سکتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ شاید اگلی صبح بھی آپ گاڑی چلانے کے قابل نہ ہوں، خاص طور پر اگر آپ نے پچھلی رات زیادہ شراب پی ہو۔ دوبارہ ہوش میں محسوس کرنے کا کوئی تیز طریقہ نہیں ہے؛ صرف انتظار کرنا ہی حل ہے جب تک کہ جسم شراب کو ختم نہ کر دے۔

## محفوظ رہیں - پہلے سے منصوبہ بنائیں

سواری کا انتظام کریں، پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کریں یا ٹیکسی بلائیں۔

ایک ایسا ڈرائیور مقرر کریں جو شراب نہ پیئے۔

کبھی بھی کسی ایسے شخص سے سواری قبول نہ کریں جو شراب پیتا رہا ہو۔

**اگر آپ گاڑی چلا رہے ہیں تو شراب نہ پیئیں۔**

**اگر آپ شراب پیتے رہے ہیں تو گاڑی نہ چلائیں۔**

**برائے مہربانی یاد رکھیں کہ نشے میں سائیکل چلانا بھی جرم ہے۔**

# سکاٹ لینڈ میں سڑکوں پر ٹریفک سے متعلق جرائم

سکاٹ لینڈ میں سڑک استعمال کرنے والے ہر شخص کی حفاظت کے لیے سڑک پر ڈرائیونگ کے قوانین موجود ہیں۔ اگر آپ گاڑی چلا رہے ہیں تو یہ سمجھنا ضروری ہے کہ کیا جائز ہے اور کیا نہیں۔

## سڑک پر ٹریفک سے متعلقہ عام جرائم

حادثے کے بعد نہ رکنا
تیز رفتاری
شراب یا منشیات کے زیر اثر گاڑی چلانا
لاپرواہی یا خطرناک ڈرائیونگ سے موت کا سبب بننا
خطرناک ڈرائیونگ
ڈرائیونگ کے دوران موبائل فون استعمال کرنا
لاپرواہ یا غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ
درست انشورنس کے بغیر گاڑی چلانا
لائسنس کے بغیر یا نااہلی کے دوران گاڑی چلانا
ٹریفک سگنلز کو نظر انداز کرنا (مثلاً سرخ بتی میں سے گاڑی چلاتے ہوئے جانا)
سیٹ بیلٹ نہ پہننا
درست MOT سرٹیفکیٹ کے بغیر گاڑی چلانا
غیر محفوظ یا خراب گاڑی کے پرزوں کے ساتھ گاڑی چلانا

## سزائیں

اگر آپ ان قوانین میں سے کسی ایک کی بھی خلاف ورزی کرتے ہیں تو اس کے بعد کیا ہوتا ہے، یہ جرم کی سنگینی کے مطابق مختلف ہو سکتا ہے۔ آپ کو مندرجہ ذیل کا سامنا ہو سکتا ہے:

- مالی جرمانہ جو آپ کو ادا کرنا ہو گا
- آپ کے ڈرائیونگ ریکارڈ پر پوائنٹس
- عارضی طور پر ڈرائیونگ پر پابندی
- سنگین صورتوں میں مزید سخت نتائج کا اطلاق ہو سکتا ہے

یہ سمجھنا ضروری ہے کہ یہ سزائیں آپ کی ڈرائیونگ کی اہلیت کو متاثر کر سکتی ہیں۔

## پینلٹی پوائنٹس اور کٹوتیاں

جب آپ کچھ ڈرائیونگ کی خلاف ورزیاں کرتے ہیں تو آپ کے ڈرائیونگ ریکارڈ میں پوائنٹس شامل کیے جاتے ہیں۔ یہ پوائنٹس جرم کی نوعیت کے مطابق کئی سال تک آپ کے ریکارڈ پر رہتے ہیں۔ اگر آپ 3 سال کے اندر 12 یا اس سے زیادہ پوائنٹس حاصل کر لیتے ہیں تو غالب امکان ہے کہ آپ اپنے ڈرائیونگ کے حقوق کم از کم 6 ماہ کے لیے کھو دیں گے۔

نئے ڈرائیورز کے لیے جنہوں نے پچھلے 2 سال کے اندر اپنا ڈرائیونگ ٹیسٹ پاس کیا ہے، صرف 6 پوائنٹس پر ہی اُن کا لائسنس لیا جا سکتا ہے۔ اس صورت میں آپ کو اپنا لائسنس واپس لینے کے لیے دوبارہ ڈرائیونگ ٹیسٹ دینا ہوگا۔

# الیکٹرک بائیکس اور الیکٹرک سکوٹرز

## الیکٹرک بائیک چلانے کے لیے:

- اس میں لازماً ایسے پیڈل ہونے چاہئیں جن کے ذریعے سائیکل کو چلایا جا سکے۔
- موٹر لازماً 15.5 میل فی گھنٹہ (25 کلومیٹر فی گھنٹہ) کی رفتار پر خود بخود بند ہو جانی چاہیے۔
- موٹر لازماً 250 واٹ سے زیادہ طاقتور نہیں ہونی چاہیے۔
- اسے چلانے کے لیے آپ کی عمر لازماً 14 سال یا اس سے زیادہ ہونی چاہیے۔
- ڈرائیونگ لائسنس، انشورنس یا روڈ ٹیکس کی ضرورت نہیں ہوتی۔

کوئی بھی ای بائیک جو EAPC (Electrically Assisted Pedal Cycle) کے ضوابط کے مطابق نہیں ہے، اسے موٹر سائیکل یا موپیڈ سمجھا جاتا ہے، جس کے لیے رجسٹریشن اور ٹیکس دینا ضروری ہوتا ہے، اور سوار کے پاس لازماً درست ڈرائیونگ لائسنس ہونا چاہیے اور ہیلمٹ پہننا بھی ضروری ہے۔

## الیکٹرک سکوٹر چلانے کے لیے:

سکاٹ لینڈ میں نجی ملکیت والے ای سکوٹرز کو عوامی سڑکوں، فٹ پاتھوں اور سائیکل کے راستوں پر استعمال کرنا خلاف قانون ہے۔ آپ انہیں صرف نجی جائیداد پر چلا سکتے ہیں اگر آپ کے پاس زمین کے مالک کی اجازت ہو۔ یہ اس لیے ہے کیونکہ ای سکوٹرز کو Road Traffic Act 1988 کے تحت موٹر گاڑیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔

## سکوٹر رکھنے اور چلانے کے لیے ضروری تقاضے:

انشورنس

ڈرائیونگ لائسنس

روڈ ٹیکس

اگر آپ ان تقاضوں پر پورا نہیں اترتے تو آپ قانون کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔

برائے مہربانی نوٹ کریں کہ مذہبی لباس جیسے پگڑی، ہیلمٹ سے مستثنیٰ ہے۔

### سزائیں

اگر آپ نجی ای سکوٹر کو عوامی جگہ پر استعمال کرتے ہوئے پکڑے جاتے ہیں تو آپ کو درج ذیل سزاؤں کا سامنا ہو سکتا ہے:

- انشورنس کے بغیر چلانے پر 300 پاؤنڈ جرمانہ اور آپ کے ڈرائیونگ لائسنس پر چھ پینلٹی پوائنٹس
- درست لائسنس کے بغیر چلانے پر 100 پاؤنڈ جرمانہ اور تین سے چھ پینلٹی پوائنٹس
- فٹ پاتھ پر چلانے پر 50 پاؤنڈ جرمانہ

- چلاتے وقت موبائل فون استعمال کرنے پر 200 پاؤنڈ جرمانہ اور چھ پینلٹی پوائنٹس
- سرخ بتی پر سواری کرتے ہوئے گزرنے پر 100 پاؤنڈ جرمانہ اور ممکنہ پینلٹی پوائنٹس
- شراب یا منشیات کے زیر اثر چلانے پر عدالت کی جانب سے جرمانہ، ڈرائیونگ پر پابندی اور ممکنہ طور پر قید

# کام کی جگہ پر قانون

ملازمت سے مراد ایک ایسا معاہدہ ہے جہاں آجر ملازم کو اُن کے لیے کام کرنے کے بدلے ادائیگی کرے گا۔ یہ معاہدہ تحریری یا زبانی دونوں صورتوں میں ہو سکتا ہے۔

## آپ کے حقوق

ملازمین کے حقوق Employment Rights Act 1996 - کے تحت ملازمین کو غیر منصفانہ برطرفی اور امتیازی سلوک سے تحفظ حاصل ہے اور تنخواہ، اوقات کار اور چھٹیوں کے حوالے سے تمام ملازمین کے ساتھ منصفانہ سلوک کیا جاتا ہے۔

- آپ کی ملازمت شروع ہونے کے 2 ماہ کے اندر شرائط کا تحریری بیان حاصل کرنے کا حق۔
- کمائی ہوئی ہر تنخواہ کے ساتھ پے سلپ حاصل کرنے کا حق۔
- National Minimum Wage (قومی کم از کم اجرت) ادا کیے جانے کا حق۔
- چھٹی کی تنخواہ کا حق، جو کل وقتی ملازمین کے لیے سال میں 28 دن ہے۔
- جز وقتی ملازمین تناسب کے مطابق چھٹی کا حق رکھتے ہیں۔
- جز وقتی کارکنوں کو بھی وہی حقوق حاصل ہیں جو کل وقتی کارکنوں کو حاصل ہیں
- نئے والدین کے لیے تنخواہ کے ساتھ والد کے لیے چھٹی (پیٹرنل لیو) کا حق
- آپ کی عمر، معذوری، جنس، جنسی رجحان، نسل، مذہب/عقائد اور حمل کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے تحفظ کا حق۔

## برطرفی

اگر آپ کو ملازمت سے نکالا جاتا ہے اور آپ وہاں 2 سال یا اس سے زیادہ عرصہ کام کر چکے ہیں تو آپ کو اپنے آجر سے برطرفی کی تحریری وجہ حاصل کرنے کا حق ہے۔ اگر کوئی شخص حاملہ ہو یا زچگی کی چھٹی پر ہو اور اسے نکالا جائے تو اسے تحریری وجہ حاصل کرنے کا حق ہے، اس بات سے قطع نظر کہ اس نے کتنا عرصہ کام کیا ہے۔ اگر آپ کو غیر منصفانہ طور پر نکالا جاتا ہے تو آپ کو معاوضے کا دعویٰ کرنے کا حق حاصل ہے بشرطیکہ آپ نے وہاں 2 سال یا اس سے زیادہ کام کیا ہو۔

## صحت اور حفاظت

آجروں کو لازماً یقینی بنانا چاہیے کہ اُن کے ملازمین محفوظ کام کی جگہ اور ماحول میں ہیں۔ اگر ضرورت ہو تو اُنھیں لازماً تمام ملازمین کے لیے ضروری آلات اور تربیت فراہم کرنی چاہیے، کیونکہ اس سے ملازمین کے لیے کوئی بھی خطرات کم سے کم ہو جائیں گے۔

## برابری اور امتیاز

Equality Act 2010 کے تحت، یہ بیان کرتا ہے کہ درج ذیل تحفظ یافتہ خصوصیات میں سے کسی کی بنیاد پر کسی بھی شخص کے خلاف امتیاز غیر قانونی ہے:

- عمر
- جنس کی تبدیلی
- شادی شدہ یا سول پارٹنرشپ میں ہونا
- حاملہ یا زچگی کی چھٹی پر ہونا
- معذوری
- نسل، بشمول رنگ، قومیت، نسلی یا قومی پس منظر
- مذہب یا عقیدہ
- جنس
- جنسی رجحان

## ملازمت کے معاہدے

واضح اور قانونی طور پر نافذ ہوتے ہیں، یہ انتہائی ضروری ہیں اور انھیں لازمی طور پر ملازمت کی شرائط، تنخواہ اور ذمہ داریوں کا خاکہ بیان کرنا چاہیے۔ اگر آپ کو یقین نہیں کہ یہ آپ پر لاگو ہوتے ہیں یا نہیں تو آپ مندرجہ ذیل سے رابطہ کر سکتے ہیں Citizens Advice Bureau سے اُن کی ویب سائٹ www.cas.org.uk کے ذریعے یا اپنے علاقے میں اپنے مقامی دفتر کو کال کریں۔

Advisory, Conciliation and Arbitration Service جو (ACAS) کے نام سے بھی جانی جاتی ہے، کے ساتھ ان کی ویب سائٹ www.acas.org.uk کے ذریعے یا **0300 123 1100** پر کال کر کے۔

اگر آپ کو ترجمان کی ضرورت ہو تو آپ کال کر کے اس کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ فون پر سن یا بول نہیں سکتے تو **18001 0300 123 1100** پر ٹیکسٹ بھی کر سکتے ہیں۔ ACAS سوموار سے جمعہ صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔

# جرم کے متاثرین

## کون متاثرہ شخص (وکٹم) ہو سکتا ہے؟

جرم کسی کو بھی متاثر کر سکتا ہے، چاہے اس کی عمر، جنس یا پس منظر کچھ بھی ہو۔ متاثرہ شخص بس وہ ہوتا ہے جسے کسی جرم کی وجہ سے کسی طرح تکلیف پہنچی ہے، جس کا مطلب جسمانی چوٹیں، جذباتی تکلیف یا مالی نقصان ہوسکتا ہے۔

## اگر میں متاثرہ شخص ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

خاموش نہ رہیں۔ آپ جس صورت حال سے گزر رہے ہیں اُس کے بارے میں کسی سے بات کرنا مدد حاصل کرنے اور تکلیف کو روکنے کے لیے پہلا قدم ہے۔

آپ مندرجہ ذیل سے بات کر سکتے ہیں:

- کسی قابلِ اعتماد خاندان کے فرد یا دوست سے
- پولیس سے
- کسی معاون تنظیم سے

بعض اوقات خوفزدہ یا غیر یقینی محسوس کرنا بالکل معمول کی بات ہے، لیکن یاد رکھیں کہ آپ اس معاملے میں اکیلے نہیں ہیں۔

## متاثرہ شخص کے طور پر آپ کے حقوق

اگر آپ سکاٹ لینڈ میں کسی جرم کا شکار ہوئے ہیں تو یہ جاننا اہم ہے کہ آپ کے کچھ حقوق ہیں۔ یہ حقوق اس مشکل وقت میں آپ کو مدد دے سکتے ہیں۔

- عزت اور احترام کے ساتھ برتاؤ کیا جانا
- اس بارے میں معلومات حاصل کرنا کہ آپ کے کیس کے معاملے میں کیا ہو رہا ہے
- آپ کو صورت حال سے نمٹنے اور بحالی میں مدد دینے کے لیے معاون خدمات تک رسائی
- اگرآپ کا کیس عدالت میں جاتا ہے تو مدد

آپ کے کیس میں شامل تمام افراد جیسے پولیس آفیسرز، وکلاء اورعدالت کے عملے کو آپ کے ساتھ احترام اور انصاف کا برتاؤ کرنا چاہیے۔

**حملہ**

حملہ (اسالٹ) کسی دوسرے شخص پر کیا جانے والا حملہ ہوتا ہے۔ یہ عموماً جسمانی حملے کی صورت میں ہوگا۔ قانون کے مطابق حملہ ثابت ہونے کے لیے ضروری نہیں ہے کہ وہ چوٹ کا باعث بنے۔ حملہ ہاتھوں اور پاؤں یا ہتھیاروں جیسے ڈنڈوں، اینٹوں یا چاقوؤں کا استعمال کرتے ہوئے کیا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی آپ پر تھوکتا ہے یا اپنا کتا آپ پر چھوڑنے کی دھمکی دیتا ہے تو اسے بھی حملہ شمار کیا جاتا ہے۔ شدید حملہ جرم کو زیادہ سنگین بنا دیتا ہے۔ حملہ مختلف طریقوں سے شدید ہو سکتا ہے، مثلاً کسی ہتھیار کا استعمال، اگر متاثرہ شخص بوڑھا یا بچہ ہو، یا اگر متاثرہ شخص پر اس کے اپنے گھر میں حملہ کیا گیا تھا۔ اس ملک میں اپنے پاس چاقو اور/یا کوئی ہتھیار رکھنا غیر قانونی ہے۔

# آتشیں اسلحہ (فائر آرمز)

سکاٹ لینڈ میں بغیر اجازت بندوق رکھنا یا استعمال کرنا ایک سنگین جرم ہے۔ آتشیں اسلحے کے بارے میں قوانین بہت سخت ہیں اور ہر ایک کو محفوظ رکھنے کے لیے موجود ہیں۔ اس میں سٹن گنز اور پیپر سپرے بھی شامل ہیں۔

## جرائم

- درست فائرآرم سرٹیفکیٹ یا لائسنس کے بغیر بندوق رکھنا
- کسی قانونی طور پر جائز وجہ کے بغیر کسی عوامی جگہ پر آتشیں اسلحہ اپنے ساتھ رکھنا
- کوئی جرم کرنے کے لیے آتشیں اسلحہ استعمال کرنا، جیسے ڈکیتی یا حملہ
- جان کو خطرے میں ڈالنے کی نیت سے آتشیں اسلحہ اپنے پاس رکھنا
- گھریلو عمارت / نجی مکان میں ممنوعہ ہتھیار اپنے پاس رکھنا، سیکشن 46، The Offensive Weapons Act 2019
- غیر قانونی طور پر بندوقیں فراہم کرنا یا فروخت کرنا
- ممنوعہ ہتھیار جیسے خودکار آتشیں اسلحہ، چاقو یا گلا دینے والے (تیزابی) مادے اپنے پاس رکھنا

## سزائیں

اگر کوئی شخص درست لائسنس کے بغیر بندوق اپنے پاس رکھنے پر پکڑا جاتا ہے تو اسے 5 سال تک قید ہو سکتی ہے اور بھاری جرمانہ بھی ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔

اگر کسی جرم کے ارتکاب میں آتشیں اسلحہ استعمال کیا جائے تو اس کے نتائج بہت سنگین ہو سکتے ہیں اور ممکنہ طور پر عمر قید تک کی سزا ہو سکتی ہے۔ کسی کی جان کو خطرے میں ڈالنے کے ارادے سے آتشیں اسلحہ اپنے پاس رکھنا بھی عمر قید کی سزا کا باعث بن سکتا ہے۔

غیر قانونی بندوقیں فراہم کرنا لامحدود قید کی سزا کا باعث بن سکتا ہے۔

عوامی جگہ پر نقلی بندوق پاس رکھنا گرفتاری کا سبب بن سکتا ہے اگر اس سے لوگ خوفزدہ ہوں یا اگر آپ اسے دھمکی آمیز انداز میں استعمال کریں۔

# سکاٹ لینڈ میں مجرمانہ ذمہ داری کی عمر

سکاٹ لینڈ میں مجرمانہ ذمہ داری کی عمر 12 سال ہے۔

اس کا مطلب ہے کہ 12 سال سے کم عمر بچوں پر جرم کا الزام نہیں لگایا جا سکتا اور نہ ہی انہیں گرفتار کیا جا سکتا ہے۔ اگر 12 سال سے کم عمر کے کسی بچے پر یہ شبہ ہو کہ اس نے کسی دوسرے شخص کو سنگین نقصان پہنچایا ہے یا پہنچانے کا خطرہ پیدا کیا ہے، تو پھر بھی پولیس اور سوشل ورک اس کی تحقیقات کر سکتے ہیں۔

ایسے بچوں کے لیے مدد دستیاب ہوتی ہے جو ایسا رویہ ظاہر کرتے ہیں جو دوسروں کے لیے نقصان دہ ہو سکتا ہے۔

- بچے کی تعریف یہ کی جاتی ہے کہ ہر وہ انسان جس کی عمر 18 سال سے کم ہو۔
- یہ قانون بچوں کے تحفظ کے ساتھ ساتھ ہر ایک کو محفوظ رکھنے کے لیے بنایا گیا ہے۔

# جنسی جرائم

اس بات سے قطع نظر کہ آپ کی جنس، صنف، عمر یا جلد کا رنگ کیا ہے، جنسی جرم واقع ہو سکتا ہے۔ یہ اجنبی، دوست یا خاندان کے افراد کی طرف سے ہو سکتا ہے اور تعلق اور/ یا شادی کے اندر بھی ہو سکتا ہے۔ سکاٹ لینڈ میں جنسی رضامندی کی عمر 16 سال ہے۔ رضامندی کسی بھی وقت واپس لی جا سکتی ہے۔

## زنا بالجبر

زنا بالجبر اس وقت ہوتا ہے جب کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو زبردستی یا دھوکے سے اُس کی اجازت کے بغیر جنسی فعل کرنے پر مجبور کرتا ہے۔ اس میں ایک شخص دوسرے کی فرج (وجائنا)، مقعد یا منہ میں عضو تناسل داخل کرتا ہے۔

## جنسی حملہ

اس سے مراد کوئی بھی غیرمطلوبہ جنسی چھونا یا جسمانی رابطہ ہے۔ اس میں مختلف افعال شامل ہیں اور یہ کسی بھی جنس یا صنف کا شخص کر سکتا ہے۔

## جنسی جبر

کسی شخص کو اس کی مرضی کے بغیر دباؤ، دھمکی یا دھوکے کے ذریعے جنسی سرگرمی میں شامل کرنا خلافِ قانون ہے۔ ہر شخص کو انکار کرنے کا حق حاصل ہے اور اس کا احترام کرنا ضروری ہے۔

## بچوں کے خلاف جرائم

16سال سے کم عمر کے کسی شخص کے ساتھ کسی بھی قسم کی جنسی سرگرمی غیر قانونی ہے۔

## تصویری مواد پر مبنی جنسی استحصال

نجی تصاویرکو بغیر اجازت شیئر کرنا یا شیئر کرنے کی دھمکی دینا خلاف قانون ہے۔ اس عمل کو اکثر 'revenge porn' (انتقامی طور پر نجی تصاویر شیئر کرنا) کہا جاتا ہے۔"

## خفیہ طور پر دیکھنا (وویئرزم) اور ناشائستہ پیغامات بھیجنا

کسی شخص کو اس کی اجازت کے بغیر کسی نجی جگہ میں خفیہ طور پر دیکھنا یا ریکارڈ کرنا خلاف قانون ہے۔ اسی طرح بغیر رضامندی کے فحش پیغامات یا تصاویر بھیجنا بھی جرم ہے۔

## سیکسٹورشن

جنسی بلیک میلنگ یا "سیکسٹورشن" آن لائن بلیک میلنگ کی ایک قسم ہے۔

دنیا بھر میں، بشمول سکاٹ لینڈ، تمام عمروں، جنسوں اور جنسی شناختوں والے بچوں اور نوعمر افراد کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

بالغ مجرم، اکثر بیرون ملک منظم جرائم پیشہ گروہوں سے، کسی شخص کی ننگی یا نیم ننگی تصاویر اور/یا ویڈیوز شیئر کرنے کی دھمکی دیں گے جب تک کہ وہ اُنھیں پیسے ادا نہ کرے یا ان کی کوئی مانگ پوری نہ کرے۔

سیکسٹورشن اس طرح ہو سکتی ہے:

- آن لائن شیئر کی گئی جنسی یا نامناسب تصاویر، اکثر ایسے افراد کی طرف سے جو کسی اور کا روپ دھارے ہوتے ہیں۔
- ایسی تصاویر جو چوری کی گئی ہوں، ہیکنگ کے ذریعے حاصل کی گئی ہوں یاAI جنریٹرز یا تصویر میں تبدیلی کرنے والی دیگر ٹیکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے جعلی بنائی گئی ہوں۔

مجرم رقم، گفٹ کارڈز یا Bitcoin (بٹ کوئن) کا مطالبہ کر سکتا ہے۔ وہ متاثرہ شخص کو ایسی چیزیں کرنے پر مجبور کر سکتے ہیں جو وہ نہیں کرنا چاہتا، جیسے اُنھیں اپنے بینک اکاؤنٹ تک رسائی دینا یا مزید جنسی تصاویر یا ویڈیوز فراہم کرنا۔

https://crimestoppers-uk.org/fearless/professionals/fearless-scotland/sextortion-in-scotland

## سیکسٹورشن کی کوششوں کی عام علامات میں مندرجہ ذیل شامل ہو سکتی ہیں

- وہ بہت تیزی سے آپ کے ساتھ تعلق قائم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ دل لگی کے انداز میں بات کر سکتے ہیں، بہت جلد آپ سے پسندیدگی کا اظہار کر سکتے ہیں، یا آپ سے جنسی/ناشائستہ تصاویر اور ویڈیوز مانگ سکتے ہیں۔ کچھ لوگ پہلے خود آپ کو کوئی جنسی/ ناشائستہ تصویر بھی بھیج سکتے ہیں۔
- وہ آپ پر ایسے کام کرنے کے لیے دباؤ ڈالتے ہیں جن میں آپ خود کو آرام دہ محسوس نہیں کرتے۔ وہ بار بار آپ کو جنسی نوعیت کے ایسے کام کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں جن میں آپ آرام دہ محسوس نہیں کرتے۔ کسی کے لیے یہ کبھی بھی درست نہیں کہ وہ آپ سے وہ کام کرنے کو کہے جو آپ نہیں کرنا چاہتے
- وہ آپ کو یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ انہوں نے آپ کو ہیک کر لیا ہے یا انھیں آپ کے رابطوں تک رسائی حاصل ہے۔ کچھ بلیک میل کرنے والے آپ کو یہ کہہ سکتے ہیں کہ انھیں آپ کے آلے سے آپ کی شرمندہ کرنے والی تصاویر یا آپ کے متعلق معلومات ملی ہیں۔ وہ ان معلومات کو شیئر کرنے کی دھمکی دے سکتے ہیں جب تک کہ انھیں رقم نہیں دی جاتی۔

اگر آپ کے ساتھ ایسا ہوا ہے تو یہ آپ کی غلطی نہیں ہے، اور مدد اور معاونت دستیاب ہے۔ گھبرائیں نہیں، پولیس آپ کے کیس کو سنجیدگی سے لے گی۔ اس معاملے کے ساتھ رازداری سے نمٹے گی۔ آپ کو جج نہیں کیا جائے گا۔

**اگر آپ سیکسٹورشن کا شکار ہیں**

ادائیگی نہ کریں۔ کچھ متاثرہ افراد جو رقم ادا کرتے ہیں ان سے اس بارے میں مزید رابطہ نہیں کیا جاتا، جبکہ کچھ دیگر افراد جو ادا کرتے ہیں اُن پر مزید رقم کے لیے دباؤ ڈالا جاتا ہے۔ بعض کیسوں میں رقم دینے کے باوجود بھی مجرم ویڈیوز یا تصاویر شیئر کر دیتے ہیں۔ اگر آپ نے اُس شخص کو ادائیگی کی ہے تو اپنے بینک سے رابطہ کرنے پر غور کریں۔ وہ شاید آپ کی اُن ادائیگیوں کو واپس نہ لے سکیں جن کی آپ منظوری دے چکے ہیں، لیکن وہ برطانیہ کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو موجودہ دھمکی کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد دینے کے قابل ہوں گے۔

مجرموں سے مزید بات نہ کریں، تمام پیغامات اور مجرم کی پروفائل کی معلومات کے سکرین شاٹس لے لیں۔ اسے بطور ثبوت محفوظ رکھیں۔

پولیس کو 101 پر کال کر کے واقعے کی رپورٹ کریں اور متعلقہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم کی ویب سائٹ پر بھی اس معاملے کی رپورٹ کریں۔ اگر آپ کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے تو آپ **Stop NCII** (Non-Consensual Intimate Image Abuse) (بغیر رضامندی کے نجی تصویری استحصال کو روکیں) پر جا کر ایک مفت ٹول کے ذریعے رپورٹ کر سکتے ہیں جو ایسی نجی تصاویر کا پتہ لگانے اور ان کو آن لائن پھیلنے سے روکنے میں مدد کرتا ہے۔ اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے تو آپ Report Remove | Childline پر جا کر خفیہ طور پر اپنی جنسی نوعیت کی تصاویر اور ویڈیوز کی رپورٹ کر سکتے ہیں اور انہیں انٹرنیٹ سے ہٹوا سکتے ہیں۔

اگر آپ کسی جنسی جرم کا شکار ہوئے ہیں تو آپ درج ذیل اداروں سے مدد اور مشورہ حاصل کر سکتے ہیں:

**Rape Crisis Scotland [ریپ کرائسس سکاٹ لینڈ] - 08088 010 302**
**Victim Support Scotland [وکٹم سپورٹ سکاٹ لینڈ] - 0345 603 9213**
**Police Scotland [پولیس سکاٹ لینڈ] – 101 (غیر ہنگامی صورت حال) 999 (ہنگامی صورت حال)**

## جنسی جرائم کی رپورٹنگ

NHS ایک سیلف ریفرل سروس فراہم کرتی ہے جو زنابالجبر یا جنسی حملے کا شکار ہونے والے افراد کو مناسب معاونت اور صحت کی دیکھ بھال کی خدمات تک رسائی کا موقع فراہم کرتی ہے۔
https://www.nhsinform.scot/sarcs

## جسم فروشی (پراسٹیٹیوشن)

جسم فروشی کو ایسے پیشے یا عمل کے طور پر دیکھا جاتا ہے جس میں ادائیگی یا کسی اور فائدے کے بدلے جنسی تعلقات قائم کیے جاتے ہیں۔ جسم فروشی میں ملوث افراد اور جنسی خدمات خریدنے کی کوشش کرنے والے دونوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔

عوامی جگہوں پر گاہکوں کو مائل کرنا :جسم فروشی کے مقصد سے عوامی مقامات پر گاہک تلاش کرنا یا وہاں منڈلاتے رہنا خلافِ قانون ہے۔ عوامی جگہ پر کسی کے پاس گاڑی میں یا پیدل جا کر جنسی خدمات خریدنے کی کوشش کرنا غیر قانونی ہے۔

## کیا غیر قانونی ہے؟

**قحبہ خانہ چلانا:** ایسی جگہ چلانا یا اس کے انتظام میں مدد دینا جہاں جسم فروشی ہوتی ہو، خلافِ قانون ہے۔
**جسم فروشی میں دلالی اور استحصال:** کسی دوسرے شخص کے جسم فروشی میں ملوث ہونے سے فائدہ اٹھانا یا کسی کو اس کی مرضی کے خلاف اس کام پر مجبور کرنا ایک سنگین جرم ہے۔

## انسانی سمگلنگ (انسانوں کی غیرقانونی نقل وحمل)

انسانی سمگلر اکثر کمزور حالات میں موجود افراد کو نشانہ بناتے ہیں اور انہیں دھمکی، جھوٹ یا تشدد کے ذریعے کنٹرول کرتے ہیں۔ بہت سے متاثرین کو جھوٹے وعدوں کے ذریعے ورغلا کر مختلف جگہوں پر لے جایا جاتا ہے اور پھر ان سے فائدہ اُٹھایا جاتا ہے۔ یہ ایک سنگین جرم ہے، اور اس سے متاثر ہونے والا ہر شخص خود کو محفوظ محسوس کرنے اور مدد حاصل کرنے کا حق رکھتا ہے۔

مہاجر مزدوروں کا زراعت، فیکٹریوں، ہوٹلوں اور ریسٹورنٹس جیسے شعبوں میں استحصال ہو سکتا ہے۔
ان علامات پر نظر رکھیں:

- بہت سے غیر ملکی افراد اکٹھے رہتے ہوں
- رہائشی اکثر بدلتے رہتے ہوں
- دن اور/ یا رات کے خلاف معمول اوقات میں لایا یا لے جایا جاتا ہو
- مزدوروں کی نقل و حرکت کی نگرانی کی جاتی ہو اور اسے کنٹرول کیا جاتا ہو
- مزدور آجروں، پولیس یا کسی بھی دیگر بیرونی اداروں سے خوفزدہ دکھائی دے سکتے ہیں
- مزدوروں کو نہ کوئی چھٹی ملتی ہے اور نہ ہی ہالیڈے کا وقت دیا جاتا ہے
- مزدوروں میں جسمانی بدسلوکی کی علامات نظر آتی ہیں، جیسے نیل، زخم اور غیر علاج شدہ طبی مسائل کے آثار
- مزدوروں میں غذائی کمی، پانی کی کمی، شدید تھکن اور ناقص ذاتی صفائی کی علامات نظر آتی ہیں

## جبری مشقت

**گھریلو غلامی** جدید دور کی غلامی کی ایک شکل ہے۔ اس میں کسی بالغ یا بچے کو جبری نوکر بنایا جاتا ہے۔

- ان علامات پر نظر رکھیں:
- اس شخص کو شاذ و نادر ہی گھر سے باہر جانے دیا جاتا ہے
- ان کے پاس سونے کے لیے مناسب جگہ نہیں ہوتی، چنانچہ وہ فرش یا صوفے پر سوتے ہیں
- ان کی خوراک ناقص ہوتی ہے
- انھیں ذہنی، جسمانی، جنسی بدسلوکی، دھمکیوں یا دیگر ظلم کا سامنا ہوتا ہے
- بچے کی سکول میں حاضری کم ہو سکتی ہے اور اسے اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلنے کا وقت نہیں ملتا

# نفرت پر مبنی جرم

نفرت پر مبنی جرم وہ جرم ہے جو کسی شخص یا جائیداد کے خلاف مخصوص محفوظ گروہوں کے خلاف نفرت یا غصے کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

آپ نفرت پر مبنی جرم کا شکارہوئے ہیں اگر آپ کو لگتا ہے کہ کسی نے آپ کومندرجہ ذیل بنیاد پر نشانہ بنایا ہے:

- عمر
- معذوری
- نسل (جس میں رنگ، قومیت یا نسلی پس منظر بھی شامل ہے)
- مذہب یا عقیدہ
- جنسی رجحان
- ٹرانسجینڈر شناخت
- جنس کی خصوصیات میں فرق (انٹرسیکس)

نفرت پر مبنی جرم مختلف شکلوں میں ہو سکتا ہے، جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں لیکن انہی تک محدود نہیں:

- قتل
- جسمانی حملہ
- جائیداد کو نقصان پہنچانا جیسے گرافٹی، آگ لگانا، توڑ پھوڑ
- دھمکی آمیز یا خوفزدہ کرنے والا رویہ، جس میں فحش کالز یا اشارے بھی شامل ہیں
- نازیبا خطوط، لیفلیٹس یا پوسٹر
- زبانی بدسلوکی یا توہین، بشمول نام لے کر پکارنا (گالیاں دینا)
- آن لائن ہراساں کرنا اور بدسلوکی
- ہراساں کرنا

## فون کے ذریعے

**آپ پولیس کو غیر ہنگامی واقعہ کی رپورٹ کر سکتے ہیں:**

**ہنگامی صورتحال:** اگر واقعہ جاری ہو یا فوری خطرہ ہو تو **999** پر کال کریں

**غیر ہنگامی صورتحال**: غیر ہنگامی واقعات کی رپورٹ کے لیے **101** پر کال کریں

## آن لائن

**Police Scotland آن لائن فارم:** Hate Crime Reporting Form کو استعمال کرتے ہوئے رپورٹ جمع کروائیں

## ذاتی طور پر

کسی بھی مقامی پولیس سٹیشن پر جا کر۔

## تیسرے فریق کے رپورٹنگ مراکز

اُن لوگوں کے لیے جو براہ راست پولیس کو رپورٹ کرنے میں بےاطمینانی محسوس کرتے ہیں تیسرے فریق کے رپورٹنگ مراکز ایک متبادل فراہم کرتے ہیں۔ مختلف علاقوں کے لحاظ سے مراکز کی ایک جامع فہرست Police Scotland website پر دستیاب ہے

## منشیات

منشیات کا استعمال آپ کی صحت پر شدید اثر ڈال سکتا ہے اور موت کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ قانون کے تحت کنٹرول کی جانے والی منشیات کی دو اقسام ہوتی ہیں: ایک وہ جو ہمیشہ غیر قانونی ہوتی ہیں (مثلاً کینابِس، ہیروئن، ایکسٹسی، کوکین وغیرہ) اور دوسری وہ جو اس وقت غیر قانونی ہوتی ہیں جب تک کہ آپ کے پاس ڈاکٹر یا ڈینٹسٹ کی طرف سے درست نسخہ نہ ہو (مثلاً مارفین، میتھاڈون، طبی کینابِس وغیرہ)۔ کنٹرولڈ منشیات اپنے پاس رکھنا یا کسی اور کو دینا غیر قانونی ہے۔ اگر آپ منشیات فراہم کرتے ہیں تو آپ کو جیل بھیجا جا سکتا ہے۔ کینابس کے پودے خود اگانا یا کسی اور کے کینابس کے پودوں کی دیکھ بھال کرنا غیر قانونی ہے۔ کنٹرولڈ منشیات بنانے میں شامل ہونا بھی غیر قانونی ہے۔

## منی لانڈرنگ (غیر قانونی پیسے کو قانونی ظاہر کرنا)

مجرمانہ سرگرمی کے ذریعے رقم استعمال کرنا یا حاصل کرنا غیر قانونی ہے اور اس پر آپ کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ اپنی رقم کی دیکھ بھال کے لیے برائے مہربانی کسی مقامی بینک کے ساتھ رجسٹر ہوں اور یقینی بنائیں کہ رقم کسی جائز ذریعے سے جیسا کہ آپ کی ملازمت سے حاصل ہو۔

## فراڈ (دھوکہ دہی)

فراڈ اس وقت ہوتا ہے جب کوئی شخص کسی دوسرے شخص یا ادارے کو دھوکہ دے کر ناجائز طریقے سے رقم، جائیداد یا کوئی قیمتی چیز حاصل کرتا ہے۔

## فراڈ کی اقسام

- **شناخت کا فراڈ**: کریڈٹ حاصل کرنے یا جرم کرنے کے لیے کسی اور شخص کی ذاتی معلومات استعمال کرنا
- **آن لائن دھوکے**: جعلی ای میلز، پیغامات یا ویب سائٹس جو لوگوں کو دھوکہ دے کر ان سے پیسے یا معلومات حاصل کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔
- **بینیفٹ فراڈ**: وہ سرکاری بینیفٹس حاصل کرنے کے لیے جھوٹ بولنا جن کے آپ حقدار نہیں ہیں
- **انشورنس فراڈ**: ادائیگی حاصل کرنے کے لیے جھوٹے دعوے کرنا
- **بینک فراڈ**: کسی اور کے اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے چوری شدہ کارڈ کی تفصیلات یا غلط معلومات استعمال کرنا
- **کاروباری فراڈ**: جیسے جعلی انوائسز، اکاؤنٹنگ کے دھوکے، یا کمپنی کے فنڈز کا غلط استعمال

**سزائیں**

**جرمانے**: سینکڑوں سے ہزاروں پاؤنڈ تک

**کمیونٹی پے بیک آرڈرز**: بشمول بغیر معاوضہ کام اور نگرانی

**چوری شدہ رقم یا سامان کی واپسی**

**قید کی سزائیں**: زیادہ سنگین یا بار بار کیے گئے فراڈ کے نتیجے میں قید کی سزا ہو سکتی ہے (بعض صورتوں میں 10 سال یا اس سے زیادہ)

## سائبر کرائم (انٹرنیٹ کے ذریعے جرم)

مجرم انٹرنیٹ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ سائبر مجرموں کو ہمارے اکاؤنٹس، ڈیٹا اور آلات تک رسائی حاصل کرنے سے روکنا پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو گیا ہے۔ اس میں آن لائن بینکنگ، خریداری، ای میل اور سوشل میڈیا شامل ہیں۔ سکیمز اور فراڈ ایسے جرائم ہیں جن میں دھوکہ دے کر ذاتی فائدہ حاصل کیا جاتا ہے۔ یہ عام طور پر پیسہ یا ذاتی معلومات حاصل کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

دھوکہ دہی کے مختلف طریقوں کے محرکات اور علامات کو سمجھ کر آپ اپنی ذاتی معلومات کو ایسے دھوکہ بازوں سے محفوظ رکھ سکتے ہیں جو اکثر بین الاقوامی سطح پر کام کرتے ہیں۔

ان دھوکہ دہیوں کے پیچھے موجود مجرم کسی میں فرق نہیں کرتے؛ وہ کسی کو بھی نشانہ بنا سکتے ہیں اور انہیں اس کے اثرات یا نتائج کی کوئی پروا نہیں ہوتی۔

یاد رکھیں، اگر کوئی چیز درست نہیں لگتی تو غالباً وہ واقعی درست نہیں ہے۔

**ہر قسم کے سکیم یا فراڈ کی پولیس کو 101 پر رپورٹ کرنی چاہیے۔**

## فشنگ ای میلز

فشنگ ای میلز اس طرح تیار کی جاتی ہیں کہ آپ کو کسی ناقابل اعتبار لنک پر کلک کرنے، پیسے دینے یا ذاتی معلومات شیئر کرنے پر آمادہ کریں۔

یہ فوری نوعیت کی لگ سکتی ہیں اور ان میں دھمکیاں شامل ہوتی ہیں۔ ہمیشہ ان کی رابطہ معلومات کو اچھی طرح چیک کریں اور نامعلوم فون نمبرز اور ای میلز پر نظر رکھیں۔ اُن لوگوں کے لنکس پر کلک نہ کریں جنہیں آپ نہیں جانتے۔

جن باتوں پر نظر رکھنی ہے اُن میں یہ شامل ہیں:

- ای میل آپ کا نام استعمال نہیں کرتی کیونکہ وہ واقعی نہیں جانتے کہ آپ کون ہیں
- سپیلنگ اور گرامر کی غلطیاں
- ایسی تصویر یا ڈیزائن جو مانوس دکھائی دیتا ہے لیکن مکمل طور پر درست محسوس نہیں ہوتا
- ایک خلاف معمول ای میل ایڈریس جو دکھنے میں سرکاری کمپنی کے ایڈریس سے ملتا جلتا ہو مگر بالکل وہی نہ ہو

- اُنھیں ترغیب دیتا ہے کہ ایک نامعلوم لنک پر کلک کریں۔ اگر آپ کو یقین نہ ہو تو لنک پر کلک نہ کریں اور براہ راست اُس ادارے کی ویب سائٹ پر جائیں۔

آپ کوئی بھی مشکوک ای ملیز report@phishing.gov.uk پر فارورڈ کر سکتے ہیں۔ National Cyber Security CentreNCSC.GOV.UK پھر اس کی تحقیقات کرے گا۔

# جانوروں سے متعلق قوانین

## Dogs (Protection of Livestock) (Amendment) (Scotland) Act 2021

یہ قانون زرعی زمین پر مویشیوں کے تحفظ کو مضبوط بناتا ہے:

- یہ قانون جو 5 نومبر 2021 کو نافذ ہوا، کتوں کے لیے فارم کے جانوروں کو نقصان پہنچانا یا ڈرانا غیر قانونی قرار دیتا ہے۔
- یہ قانون 'مویشیوں (لائیوسٹاک)' کی تعریف وسیع انداز میں کرتا ہے، جس میں بھیڑ، گائے، بکریاں، گھوڑے، سور، الپاکا، ہرن، شترمرغ اور مختلف شکاری پرندے شامل ہیں
- اگر کوئی کتا ان جانوروں کا پیچھا کرتا ہے یا انھیں پریشان کرتا ہے اور اس کے نتیجے میں مسائل پیدا ہوتے ہیں جیسے دباؤ کی وجہ سے حمل ضائع ہونا تو اسے ایک جرم سمجھا جاتا ہے۔
- ایسے اقدامات کی سزائیں سخت ہوتی ہیں، جن میں 40,000 پاؤنڈ تک جرمانہ یا ایک سال تک قید شامل ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ مجرموں پر کتے رکھنے یا زرعی زمین تک رسائی پر پابندیاں بھی لگ سکتی ہیں۔
- پولیس کو اب یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ فارم کے کسی بھی حصے سے کتے ضبط کر سکتی ہے، نہ کہ صرف اس جگہ سے جہاں واقعہ پیش آیا ہو، تاکہ ثبوت اکٹھے کیے جا سکیں۔
- وہ متعلقہ کتوں کا ویٹرنری معائنہ اور ٹیسٹ بھی کروا سکتے ہیں۔

سکاٹ لینڈ میں بعض نسلوں کے کتوں، بشمول XL بُلی کتے، کو عوامی جگہ پر مزل (مُہ بند) اور پٹہ کے بغیر رکھنا غیر قانونی ہے۔ اس قسم کے کتے کو بیچنا، دینا، افزائش کرنا، چھوڑ دینا یا اس کی تشہیر کرنا بھی غیر قانونی ہے۔
31جولائی 2024 کے بعد XL Bully کتا رکھنا غیر قانونی ہو گیا، سوائے اُس صورت کے کہ آپ کے پاس خاص اجازت ہو، جو صرف مقررہ تاریخ (ڈیڈ لائن) سے پہلے درخواست دینے پر مل سکتی تھی۔ اس تاریخ کے بعد اسے رکھنے کی اجازت صرف عدالت کے حکم سے ہی حاصل کی جا سکتی ہے۔

### XL Bully کتا رکھنے کی شرائط

- اگر آپ کے پاس درست استثنیٰ سرٹیفکیٹ ہے (یا تھا) تو آپ کو لازماً:
- کتے کو رجسٹرڈ پتے پر رکھنا ہوگا (عارضی منتقلی سال میں 30 دن تک)
- کسی بھی عوامی جگہ پر مزل اور پٹا استعمال کرنا ہوگا، حتیٰ کہ گاڑی کے اندر بھی
- مائیکروچپ لگانا، نس بندی کرنا، اور گھر میں محفوظ طریقے سے رکھنا
- تیسرے فریق کے لیے عوامی ذمہ داری کا انشورنس برقرار رکھنا

- درخواست کرنے پر اپنا سرٹیفکیٹ اور انشورنس فراہم کرنا اور 5 دن کے اندر مائیکروچپ چیک کروانا
- خلاف ورزی پر سزا: 5,000 پاؤنڈ تک جرمانہ، 6 ماہ تک قید یا دونوں

معلومات: xlbullydogenquiries@gov.scot

# قانون نافذ کرنے والے اہلکار

## پولیس آفیسر

**اہم کردار**

لوگوں کو محفوظ رکھنا، جرائم کی روک تھام اور تحقیقات کرنا۔

**وہ کس کے لیے کام کرتے ہیں**

مقامی یا قومی پولیس (جیسےPolice Scotland )

**کیا امیگریشن کے معاملات سے نمٹتے ہیں؟**

نہیں – یہ ان کا کام نہیں ہے۔ پولیس آپ کا امیگریشن سٹیٹس چیک کر سکتی ہے لیکن معمول کے طور پر ایسا نہیں کرتی۔

**یونیفارم (وردی)**

سیاہ وردی اور پیلی جیکٹ(Police Scotland) ، پولیس بیج۔

**کیا آپ ان سے محفوظ طریقے سے بات کر سکتے ہیں؟**

ہاں۔ آپ جرائم، حفاظت یا ہنگامی صورتحال کے بارے میں بلا خوف پولیس کے ساتھ بات کر سکتے ہیں۔

**آپ ان سے کب ملتے ہیں؟**

جرائم کی رپورٹنگ، ہنگامی حالات (جیسے 999)، حفاظت کے متعلق تشویشات، گھریلو بدسلوکی، نفرت پر مبنی جرائم وغیرہ

**کیا وہ لوگوں کو ملک بدر کر سکتے ہیں؟**

نہیں۔ پولیس ملک بدر نہیں کرتی اور نہ ہی امیگریشن سٹیٹس کا فیصلہ کرتی ہے۔

**کیا وہ آپ کے گھر میں داخل ہو سکتے ہیں؟**

صرف اجازت کے ساتھ، حفاظت کے خدشات یا عدالت کے وارنٹ کے ساتھ۔

## امیگریشن آفیسر

**اہم کردار**
امیگریشن قوانین کو نافذ کرنا (جیسے ویزا، اسائلم کی درخواستیں، ملک بدری)

**وہ کس کے لیے کام کرتے ہیں**
برطانیہ کی حکومت – ہوم آفس(Immigration Enforcement)

**کیا امیگریشن کے معاملات سے نمٹتے ہیں؟**
ہاں – یہی ان کا کام ہے۔ وہ امیگریشن دستاویزات چیک کر سکتے ہیں یا ملک بدری کر سکتے ہیں۔

**یونیفارم**
عام کپڑے یا سیاہ جیکٹ جس پر "Immigration Enforcement" لکھا ہوتا ہے۔

**کیا آپ ان سے محفوظ طریقے سے بات کر سکتے ہیں؟**
اگر آپ سے کہا جائے تو آپ ان سے قانونی معاونت کے ساتھ بات کر سکتے ہیں، لیکن آپ پر بغیر مشورے کے بات کرنا لازم نہیں ہے۔

**آپ ان سے کب ملتے ہیں؟**
ویزا چیک پر، اسائلم کے انٹرویوز، ہوم آفس کے دوروں یا بارڈر چیک پر۔

**کیا وہ لوگوں کو ملک بدر کر سکتے ہیں؟**
ہاں۔ صرف امیگریشن افسران ہی ملک بدری شروع یا نافذ کر سکتے ہیں۔

**کیا وہ آپ کے گھر میں داخل ہو سکتے ہیں؟**
صرف وارنٹ کے ساتھ یا جب مخصوص قانونی اختیارات لاگو ہوں۔

# کیا آپ کو ابھی مدد کی ضرورت ہے؟

**اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا خطرے میں ہے یا فوری مدد کی ضرورت ہے تو 999 پر کال کریں۔**

**غیر ہنگامی صورت میں Police Scotland کو 101 پر کال کریں یا درج ذیل معاون تنظیموں سے رابطہ کریں:**

**Victim Support Scotland**
**[وکٹم سپورٹ سکاٹ لینڈ]**
0800 160 1985
www.victimsupport.scot

**Samaritans**
**[سمیریٹنز]**
116 123
www.samaritans.org

**Scottish Women's Aid [سکاٹش ویمنز ایڈ]**
0800 027 1234
www.womensaid.scot

**Childline [چائلڈ لائن]**
0800 1111
www.childline.org.uk

**Trafficking Awareness Raising Alliance (TARA) (انسانی اسمگلنگ کے بارے میں آگاہی بڑھانے کا اتحاد)**
**0141 276 7724 (24/7)**
www.communitysafetyglasgow.org.uk

**Migrant Help (مہاجرین کی مدد)**
ویب سائٹ: www.migranthelpuk.org
سپورٹ لائن: **0808 8010 503** (24/7)
جدید غلامی اور انسانی سمگلنگ کے متاثرین کو مدد فراہم کرتی ہے، بشمول مشورہ، محفوظ رہائش اور امیگریشن و بحالی میں مدد۔

**National Ugly Mugs (NUM)**
ویب سائٹ: www.uglymugs.org
یہ جنسی خدمات فراہم کرنے والوں (سیکس ورکرز) کی مدد کرتی ہے، خطرناک افراد کے بارے میں انتباہات شیئر کر کے اور حفاظتی ذرائع، رپورٹنگ سسٹمز اور جذباتی معاونت تک رسائی فراہم کر کے

**Rape Crisis Scotland [ریپ کرائسس سکاٹ لینڈ]**
ویب سائٹ: www.rapecrisisscotland.org.uk
ہیلپ لائن: **08088 01 03 02** (روزانہ شام 6 بجے سے رات 12 بجے تک)
یہ جنسی تشدد سے متاثر ہونے والے ہر فرد کو، بشمول وہ لوگ جو جنسی استحصال کا شکار ہوئے ہیں، معاونت فراہم کرتی ہے۔

**[سکاٹش ویمنز ایڈ] Scottish Women's Aid**
ویب سائٹ: www.womensaid.scot
گھریلو بدسلوکی کا شکار خواتین، بچوں اور نوعمر افراد کی مدد کرتی ہے، بشمول وہ افراد جو جسم فروشی یا انسانی سمگلنگ میں ملوث ہوں۔

**[گارڈین شپ سکاٹ لینڈ] Guardianship Scotland**
ویب سائٹ: www.aberlour.org.uk/get-help/guardianship-scotland

**[قرض کے متعلق مشورہ] Debt Advice**
ویب سائٹ: www.stepchange.org
ہیلپ لائن: 0800 138 111
سوموار سے جمعہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک اور ہفتہ صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک

**LGBT+ Helpline Scotland**
ویب سائٹ: www.lgbthealth.org.uk
ای میل: helpline@lgbthealth.org.uk
ہیلپ لائن: 08000 464 7000
منگل، بدھ، جمعرات (دوپہر 12 بجے سے رات 9 بجے تک)، اتوار (دوپہر 1 بجے سے شام 6 بجے تک)

**[منی ایڈوائس سکاٹ لینڈ] Money Advice Scotland**
ویب سائٹ: www.moneyadvicescotland.org.uk
ای میل: info@moneyadvicescotland.org.uk

**Sextortion** [تیسرے فریق کے ذریعے رپورٹنگ]

ویب سائٹ: www.crimestoppers-uk.org

www.crimestoppers-uk.org/fearless

ہیلپ لائن: **0800 555 111**

**(تیسرے فریق کے رپورٹنگ سائٹس) Third-party reporting sites**

وہ متاثرین یا گواہ جو براہ راست پولیس سے رابطہ کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں، وہ تیسرے فریق کے رپورٹنگ مراکز استعمال کر سکتے ہیں جہاں وہ ایک آزاد تنظیم کے ذریعے نفرت پر مبنی جرائم یا واقعات کی رپورٹ کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات اور منظور شدہ تیسرے فریق کے رپورٹنگ مراکز کی فہرست **Police Scotland کی ویب سائٹ** پر دیکھی جا سکتی ہے: www.scotland.police.uk

**جرم کی 100% گمنام رپورٹنگ**

Crimestoppersایک آزاد رفاہی تنظیم (چیریٹی) ہے جو آپ کو جرم کے بارے میں معلومات اس طرح فراہم کرنے کی اجازت دیتی ہے کہ آپ کی شناخت کبھی ظاہر نہ ہو سکے۔ وہ آپ کے IP ایڈریس، فون نمبر یا کسی بھی دیگر رابطے کی تفصیلات کا سراغ نہیں لگا سکتے۔

**آپ آن لائنwww.crimestoppers-uk.org پر یا 0800 555 111 پر کال کر کے رپورٹ کر سکتے ہیں۔ یہ چیریٹی بہت سی زبانوں میں بھی سروس فراہم کرتی ہے، جس کا مطلب ہے کہ آپ 140 سے زائد زبانوں میں فون یا آن لائن رپورٹ کر سکتے ہیں، اور ترجمہ کی سہولت بھی فراہم کی جاتی ہے**

نوجوان بھی اس رفاہی تنظیم کی یوتھ سروس کے ذریعے گمنام طور پر مشورہ حاصل کر سکتے ہیں اور رپورٹ کر سکتے ہیں: www.fearless.orgیا **0800 555 111** پر کال کر کے۔

**#MakeaDifference**

## سکاٹش قانون کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:

## www.nclanarkshire.ac.uk/scotslaw

**قانونی دستبرداری**

اس کتابچے میں دی گئی معلومات صرف عمومی رہنمائی کے لیے ہیں اوریہ قانون کا تفصیلی بیان نہیں ہیں۔
سکاٹ لینڈ کا اپنا آزاد قانونی نظام ہے اور سکاٹ لینڈ کے قوانین برطانیہ کے دیگر حصوں سے اکثر مختلف ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کو قانونی مشورہ درکار ہو تو آپ کو لازماً ہمیشہ کسی وکیل یا Citizens Advice Bureauسے رابطہ کرنا چاہیے۔

براہ کرم نوٹ کریں: اس اشاعت میں دی گئی معلومات اشاعت کے وقت درست تھیں۔

© New College Lanarkshire 2026

رجسٹرڈ چیریٹی نمبر: SC021206